ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 ہفتہ 19 ذیقعدہ 1446ھ 17 مئی 2025ء صفحات 08 شمارہ 319
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 30 روپے | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344

قوم ہر محاذ پر ملک کا دفاع کرنا جانتی ہے، پاکستان اپنی آزادی اور خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا، وزیر اعلیٰ

کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو اسکی آنکھیں نکال دی جائینگی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ امن کا خواہاں اور ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا، پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں، قوم کو اپنے سپہ سالار اور افواج پاکستان پر فخر ہے

ہماری امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے، میر سرفراز بگٹی کا یوم تشکر پر عظیم الشان تقریب سے خطاب، تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول وعسکری حکام اور شہداء کی فیملیز کی شرکت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+ خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے، ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول وعسکری حکام ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

نال، لیویز چیک پوسٹ پر حملہ، 4 اہلکار شہید

نامعلوم افراد فائرنگ کے بعد فرار، شہداء کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نال لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم ملزمان نے حملہ کر کے 4 لیویز اہلکاروں کو شہید کر دیا ذرائع کے مطابق گزشتہ شب خضدار نال سی پیک روڈ پر صمد لیویز چیک پوسٹ پر ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹ اجلاس میں افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین

دشمن کی کسی بھی چال کو ناکام بنانے کیلئے تیار رہنا ہوگا، علی ظفر، عرفان صدیقی ودیگر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ میں اراکین نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کو زبردست ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی کر رہے ہیں

پاکستان بھارت کے درمیان سیز فائر مخصوص مدت یا تاریخ تک محدود نہیں، سیکورٹی ذرائع

پاکستان سیز فائر معاہدے کی مکمل پاسداری کر رہا ہے، بھارت کی جانب سے بھی کوئی نئی اشتعال انگیزی نہیں کی گئی

صورتحال مزید پرامن بنانے کیلئے مثبت اقدامات، خلاف ورزی نہ ہونے پر جنگ بندی غیر معینہ مدت تک برقرار رہے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیکورٹی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ پاکستان، بھارت کے درمیان سیز فائر جاری ہیں، سیز فائر کسی مخصوص مدت یا تاریخ تک محدود نہیں، خلاف ورزی نہ ہونے پر جنگ بندی غیر معینہ مدت تک برقرار رہے گی، ذرائع کے مطابق پاکستان ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی برادری بھارت کو جارحیت سے روکے جب بھی مذاکرات ہوئے کشمیر پر بات ہوگی، دفتر خارجہ

بھارتی جارحیت کی وجہ سے امن کی صورتحال میں بگاڑ پیدا ہوئی، مسلح افواج نے ملکی سالمیت اور خودمختاری کیلئے جوابی آپریشن کیا

بھارت دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے، ورنا چل پردیش پر چین کی خودمختاری اور سالمیت کی حمایت کرتے ہیں، شفقت علی خان

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے واضح کیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جب بھی مذاکرات ہوں گے کشمیر پر بات چیت ہوگی ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، یوم تشکر کے موقع پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام پاک فوج کے حق میں پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جا رہا ہے

دشمن کو ایسا تھپڑ رسید کیا جسے وہ بھول نہیں سکے گا، مستقل امن کیلئے مسئلہ کشمیر حل کرنا ہوگا، شہباز شریف، پاکستانی میڈیا ہمارا فخر، قوم نے متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کیا، آرمی چیف

جوابی وار کیا تو بھارت جنگ بندی پر آگیا، جنگ جیت لی، اب امن چاہتے ہیں، وزیر اعظم

9 اور 10 مئی کی رات کو افواج پاکستان کے سپہ سالاروں سے ملاقات ہوئی، اس ملاقات میں طے پایا کہ دشمن نے آخری حد بھی پار کر لی اب اسے سبق سکھانے کا وقت آگیا ہے

دشمن نے ہمارے شہریوں کو حملہ کر کے شہید کر دیا جس میں 6 سالہ بچہ بھی شامل تھا، جس دشمن نے یہ پیغام دیا کہ ہم پاکستان کے اندر جا کر بھی حملہ کر سکتے ہیں اسکے ہم نے 6 طیارے گرائے

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو وہ مقام عطا کیا اب کوئی بڑی سے بڑی طاقت ہمارا راستہ نہیں روک سکتی، آج پوری قوم یک جان دو قالب ہے اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے، یوم تشکر کی تقریب سے خطاب

میڈیا کا کردار پورے معاملے میں شاندار رہا ہے، ہمارے میڈیا نے بھارتی میڈیا کو جو جواب دیا وہ یادگار ہے، ہم نے کچھ چھپایا نہیں ساری حقیقت بتا دی، جنرل سید عاصم منیر کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ اگر ہم مستقل امن چاہتے ہیں تو مسئلہ کشمیر ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک-بھارت کشیدگی کے دوران پاکستانی ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے دریائے چناب پر نہر کی توسیع سمیت نئے آبی منصوبوں پر غور شروع کر دیا

مودی نے حکام کو چناب، جہلم اور دریائے سندھ پر پراجیکٹس کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد تیز کرنے کی ہدایت کر دی

سندھ طاس معاہدے کے تحت تینوں دریاؤں کا پانی پاکستان استعمال کرتا ہے، عالمی خبر رساں ادارے کی رپورٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان کا پانی روکنے کیلئے بھارت نے دریائے چناب پر نہر کی توسیع سمیت نئے آبی منصوبوں پر غور شروع کر دیا، عالمی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے حکام کو چناب، جہلم اور دریائے سندھ ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت ڈی جی ایم اوز میں اگلی گفتگو 18 مئی کو ہوگی، اسحاق ڈار

افواج کو نارمل سطح پر لیجانے کے بعد مذاکرات کا مرحلہ ہوگا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاک بھارت ڈی جی ایم اوز میں اگلی گفتگو 18 مئی کو ہوگی، نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ و کمانڈر 12 کور اور کی شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات

لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی، سرفراز بگٹی

شہداء کی جرات اور بہادری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور تعزیت کا اظہار کیا، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کی جرات اور بہادری کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی: اپوزیشن کی مخالفت کے باوجود انکم ٹیکس ترمیمی سمیت متعدد بلز منظور

پاکستان شہریت ایکٹ میں ترامیم، تحویل ملزمان بل، چائلڈ میرج پر پابندی کا بل، اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز بل اور ٹریڈ آرگنائزیشن بل شامل

سی ایس ایس امتحانات میں عمر کی حد 5 سال بڑھانے کی قرارداد منظور، 18 سال سے کم عمر لڑکی سے شادی جرم، 3 سال تک قید بامشقت ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن کی مخالفت کے باوجود انکم ٹیکس ترمیمی بل، پاکستان شہریت ایکٹ میں ترامیم، تحویل ملزمان بل، چائلڈ میرج پر پابندی کا بل، اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز بل اور ٹریڈ آرگنائزیشن بل کثرت رائے سے منظور کر لیے گئے، انکم ٹیکس ترمیمی بل 2024 کثرت رائے سے منظور کیا گیا، پیپلز پارٹی کی شرمیلا فاروقی کی جانب سے پیش کیا گیا چائلڈ میرج پر پابندی بل بھی منظور ہو گیا، فرح ناز اکبر نے فیڈرل ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی کے تحت یوم تشکر پر تقریبات، افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا، میجر جنرل عابد مظہر، میجر جنرل بلال سرفراز

میڈیا جدید دور میں ایک موثر ہتھیار جس کے ذریعے معاشرے کی مثبت سمت میں رہنمائی ممکن ہے "آئی جی ایف سی نارتھ

نوجوان نسل کو سازشی نظریات، جھوٹی خبروں و دشمن کے پروپیگنڈوں سے باخبر رہنا چاہئے" کوہلو میں میڈیا ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب

ہیڈ کوارٹر ایف سی (ساؤتھ) تربت میں یوم تشکر کی تقریب، میجر جنرل بلال سرفراز خان نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

کوہلو (یو این اے) آئی جی ایف سی نارتھ کا ایک روزہ دورہ کوہلو، قبائلی عمائدین سے ملاقات اور میڈیا ورکشاپ ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کیلئے تیار، ڈیل کی باتیں درست نہیں، شیخ وقاص اکرم

نہیں ہو سکتا آپ جوڈیشل کمیشن بھی نہ بنائیں اور ہم مان جائیں، صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) ترجمان پی ٹی آئی نے کہا ہے مذاکرات کیلئے تیار ہیں مگر ڈیل کی باتیں درست نہیں، ہائی کورٹ میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیلی بمباری سے 24 گھنٹے میں 120 فلسطینی شہید

2 روز کے دوران اسرائیلی دہشت گردی کے نتیجے میں 45 بچے شہید

عالمی برادری اسرائیل کو اس 'سفاکانہ جارحیت' پر جوابدہ ٹھہرائے، حماس

غزہ (م ڈ) غزہ میں اسرائیلی بمباری سے 24 گھنٹے میں 120 فلسطینی شہید ہوگئے جبکہ 2 روز کے دوران اسرائیلی دہشت گردی کے نتیجے میں شہید بچوں کی ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

صدر، وزیراعظم، آرمی چیف کی شہید عثمان یوسف کے گھر آمد، تعزیت

دوران ملاقات شہید کے عزم اور فرض شناسی کو سراہا، سپاہیوں کی قربانیوں کو سلام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے دفاع وطن میں جان کا نذرانہ دینے پر ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کے پولی گرافک ٹیسٹ کی اجازت دینے کا تحریری فیصلہ

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل تفتیش کیلئے جیل میں ہی تمام انتظامات کریں، خصوصی عدالت

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت لاہور نے 9 مئی لاہور کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے پولی گرافک ٹیسٹ کی اجازت دینے کا تحریری ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

معرکہ حق میں تاریخی فتح، بلوچستان سمیت ملک بھر میں یوم تشکر ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، پاک فوج کو زبردست خراج تحسین

دن کا آغاز قرآن خوانی اور پاکستان کی سلامتی اور بقا کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوا، وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی

آپریشن بنیان مرصوص کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے لواحقین سے خصوصی ملاقاتیں، نماز جمعہ میں بھی پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام

کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ کی زیر قیادت، پاکستان مرکزی مسلم لیگ اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے زیر اہتمام ریلیاں، جوانان مارخور اتحاد کا پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آپریشن "بنیان مرصوص" میں دشمن کی عددی برتری کو عسکری مہارت سے شکست دینے اور معرکہ حق میں تاریخی فتح پر ملک بھر میں ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) یوم تشکر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی جو ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کوئٹہ سے روانہ ہوئی ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر زخمی جوان کی عیادت کر رہے ہیں

گورنر جعفر خان مندوخیل گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کے دورے کے موقع پر کلاس روم کا معائنہ کر رہے ہیں

لیڈر کو گالیاں دینے والے سینیٹر کو برداشت نہیں کریں گے، شبلی فراز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز نے کہا ہے کہ لیڈر کو گالیاں دینے والے سینیٹر کو برداشت نہیں کریں گے، اجلاس کے دوران قائد حزب اختلاف اور تحریک انصاف رہنما شبلی فراز نے کہا کوئی تنازع بات نہیں کی لیکن ایک سینیٹر نے ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 3.1 ریکارڈ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ زلزلے کی شدت 3.1 ریکارڈ کی گئی جبکہ گہرائی 38 کلومیٹر بتائی گئی ہے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز کوئٹہ سے 69 کلومیٹر شمال مغرب ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان نے بیرون ملک جانے کیلئے عدالت سے رجوع کر لیا

وفاقی ادارے کے گورننگ بورڈ کی ممبر ہوں، عطیات اکٹھے کرنے جانا ہے، موقف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے بیرون ملک جانے کیلئے عدالت سے رجوع کر لیا، ذرائع کے مطابق علیمہ خان نے راولپنڈی ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی فضائی حدود کی بندش، بھارتی ایئر لائنز کا نقصان، ترکیہ کا فائدہ

بھارتی ایئر لائن نے پروازوں کو جاری رکھنے کیلئے ترکش ایئر لائنز سے کوڈ شیئر معاہدہ کر لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی جانب سے بھارتی ایئر لائنز کیلئے فضائی حدود بند کرنے کے فیصلے نے بھارت کی بڑی ایئر لائن انڈیگو کو معاشی جھٹکا دیا جس ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی پرچم کی آن لائن فروخت پر بھارتی حکومت برہم، ایمازون کو نوٹس

تمام پلیٹ فارمز اور کمپنیوں کو فوری تصاویر، ویڈیوز ہٹانے اور فروخت کرنے سے روک دیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی حکومت نے پاکستان کے پرچم سمیت پاک فوج سے اظہار محبت اور پاکستان کی حب الوطنی بیدار کرنے والی دیگر اشیائی ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بس بہت ہوگیا ملک میں سیاسی سیز فائر ہونا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

رابطوں کی تردید، سیاسی سیز فائر ملک اور سسٹم کیلئے بہتر ہے، بانی پی ٹی آئی بھی ڈیل نہیں کریں گے، بیرسٹر گوہر

معاملات سلجھانے کی ضرورت، افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملایا، قوم کو فخر ہے، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے بس بہت ہو گیا ملک میں سیاسی سیز فائر ہونا چاہیے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا پاکستان میں سیاسی سیز فائر ملک اور سسٹم کیلئے بہتر ہے، کوئی بیک اور فرنٹ ڈور رابطے نہیں ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

فواد چودھری! جیل تو سیاستدانوں کو لیڈر بناتی ہے، جج سپریم کورٹ

پہلے بھی جیل گئے تھے دوبارہ چلے جائیں گے، سابق وفاقی وزیر کا جج کو جواب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جج جسٹس ہاشم نے فواد چودھری سے کہا ہے آپ سیاسی آدمی ہیں جیل سے نہ ڈریں، جیل تو سیاستدانوں کو لیڈر بناتی ہے، گھبرا نہیں آپ محفوظ ہاتھوں میں ہیں، سپریم کورٹ میں فواد چودھری کی 9 مئی مقدمات ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں بہت سے افراد بھوک سے مر رہے ہیں فلسطینیوں کی مدد کرنا ہوگی، ٹرمپ

اچھی چیزیں ہونے جارہی ہیں، ضرورت پڑی تو فخر سے کہوں گا امریکہ غزہ کو سنبھالے اور آزادی زون بنائے

دیکھتے ہیں روس یوکرین مذاکرات میں کیا ہوتا ہے، جتنی جلد ممکن ہوا پیوٹن سے ملاقات کروں گا، امریکی صدر

دوحہ (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے فلسطینیوں کی مدد کرنا ہوگی، غزہ میں بہت سے افراد بھوک سے مر رہے ہیں، غیر ملکی میڈیا کے مطابق مشرق وسطیٰ کے دورے کے دوران ابوظہبی میں گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا اگلے ماہ تک غزہ پر بہت ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستوں کا کیس، سپریم کورٹ میں 3 متفرق درخواستیں دائر

کیس کا فیصلہ 26 ویں آئینی ترمیم کے فیصلے تک موخر کیا جائے، سنی اتحاد کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل نے مخصوص نشستوں کے کیس کا فیصلہ 26 ویں آئینی ترمیم کے فیصلے تک موخر کرنے کی استدعا کر دی، مخصوص ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی معظم جاہ انصاری اور چیف کلکٹر کسٹم عبدالباسط مقصود عباسی مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جمال رئیسانی کی وفاقی وزیر نوابزادہ خالد مگسی سے ملاقات

سیاسی امور پر بھی تبادلہ خیال، میر جام کمال عالم کمال عامر مگسی اور ملک عادل بازئی بھی موجود

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی نوابزادہ میر خالد مگسی ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں دیور کے ہاتھوں بھابھی قتل، دیگر واقعات و حادثات میں 7 ہلاک، 4 زخمی

کوئٹہ ملانخیل آباد میں سسرالیوں کی جانب سے خاتون کے قتل کو خودکشی قرار دینے کی کوشش ناکام، پوسٹ مارٹم سے راز کھل گیا، ملزم کی تلاش جاری

خاران سبزی منڈی کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ہندو نوجوان لعل داس اور قلات میں لعل محمد و مسمات (ث) قتل

قلات کھنڈ اریا اور پشین ابراہیم زئی میں ٹریفک حادثات میں 4 افراد جاں بحق، 4 زخمی، واقعات کی مزید تحقیقات متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + آن لائن) کلی ملانخیل میں دیور نے فائرنگ کر کے بھابھی کو قتل کر دیا سسرالیوں کی ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا عبدالعزیز نے مفتی عبدالقوی کو لال مسجد سے نکال دیا

اس بد معاش نے نیا دین بنایا ہے، جہاں ملے اسے کوڑے لگائے جائیں

آئندہ جو بھی اس کے ساتھ بیٹھا اس کا علاج کروں گا، اپنے ساتھیوں پر برہم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی دارالحکومت کی مشہور لال مسجد کے مہتمم مولانا عبدالعزیز نے بدنام زمانہ مفتی عبدالقوی کو اس وقت لال مسجد سے نکال دیا ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ججز میں تنازع کیوں دکھاوا کر رہے تنازع نہیں، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان

فیصلہ لکھوں گا کیا چیف جسٹس کے پاس ایک جج سے توہین عدالت کیس واپس لینے کا اختیار ہے؟ اقدام ادارے کی بنیاد پر زوردار حملہ ہے

دوران سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے ڈویژن بینچ سے توہین عدالت کی کارروائی معطل کرنے کا آرڈر جاری ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اپنی عدالت سے توہین عدالت کیس لارجر بینچ منتقل ہونے پر برہم ہو گئے اور کہا ججز میں ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہاؤس کراچی میں غیر ضروری بھرتیاں خزانے پر بوجھ

مہمانوں اور وی آئی پیز کی خدمت کے لئے 267 ملازمین تعینات ہیں

56 ڈرائیور، 18 چوکیدار، 16 خاکروب، 16 مالی، شاہل، اکثر ڈیوٹی سے غائب

کوئٹہ (آن لائن) کراچی کے پوش ترین علاقوں میں واقع بلوچستان ہاؤس کی چہار دیواری میں لوگوں کی بھرمار وی آئی پیز کی خدمت کے لئے 267 ملازمین رکھے گئے ہیں، دیواروں کے پیچھے چھپے شاہی اخراجات کے راز افشاں دستاویزات نے پردہ فاش کر دیا ہے ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوکین سمگلنگ کیس، ملزم ارمغان کے 2 ساتھیوں کی ضمانت مسترد

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹی کورٹ نے کوکین سمگلنگ کے الزام میں گرفتار مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کے 2 ساتھیوں کی ضمانت مسترد کر دی، کراچی سٹی کورٹ میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کے مرکزی ملزم ار...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

فاطمہ بھٹو کے ہاں دوسرے بیٹے کی پیدائش، مداحوں کی مبارکباد

والد کی شدید کمی محسوس کر رہی ہوں، کاش میرے بچوں کے نانا ساتھ ہوتے، پوسٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) لکھاری، سماجی رہنما و سیاستدان فاطمہ بھٹو کے ہاں دوسرے بیٹے کی پیدائش پر مداحوں نے مبارکباد ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ نوشکی کا ایک اور زخمی چل بسا، شہدا کی تعداد 30 ہوگئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سانحہ نوشکی میں جھلس کر زخمی ہونے والے ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے پانچ ٹرک بھارت روانہ

کئی ہفتوں سے این ایل سی کے تحت واہگہ پورٹ پر کھڑے تھے

سرحدی کشیدگی اور جنگی جھڑپوں کے باعث معاملہ تاخیر کا شکار ہوا

لاہور (م ڈ) بھارتی کشیدگی کے باوجود افغانستان سے تجارتی سامان کے 5 ٹرک واہگہ کے راستے بھارت روانہ ہوگئے جو سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کئی ہفتوں ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی بحریہ نے روہنگیا مہاجرین کو سمندر میں پھینک دیا، اقوام متحدہ کا نوٹس

اقدامات غیر انسانی، ناقابل قبول، عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، انسانی حقوق کمیشن

جنیوا (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ نے بھارتی نیوی کی جانب سے روہنگیا مہاجرین کو سمندر میں پھینکنے کا سخت نوٹس لے لیا، اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن نے کہا بھارتی نیوی کی جانب سے روہنگیا مہاجرین کو بحیرہ انڈمان میں پھینکنے کی اطلاعات پر شدید تشویش ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

رکن قومی اسمبلی میر جمال رئیسانی، وفاقی وزراء میر خالد مگسی اور جام کمال سے ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی، 20 سالہ طالبہ کیساتھ زیادتی کے مجرم کو سزائے موت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت راولپنڈی نے 20 سالہ طالبہ کیساتھ جبری زیادتی کیس کا فیصلہ سنا دیا، جج افشاں اعجاز صوفی نے ملزم ارشد محمود اچھو کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سمگلنگ کا خاتمہ ملکی معیشت کیلئے ناگزیر ہے، آئی جی پولیس بلوچستان

پولیس نے نان کسٹم پیڈ گاڑیاں قبضے میں لیکر کسٹم کے حوالے کریں، سرکاری خزانے کو 50 کروڑ کا فائدہ ہوگا، معظم جاہ انصاری

اسمگلنگ سے ملک کو نقصان پہنچ رہا ہے روک تھام کیلئے پولیس و کسٹم دیگر اداروں کے ساتھ ملکر اقدامات اٹھائیں گے

سمگلنگ کی روک تھام کیلئے پولیس کی کاوشوں و اقدامات پر آئی جی پولیس بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان عبدالباسط

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری اور چیف کلکٹر کسٹم بلوچستان عبدالباسط نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اسمگلنگ کے خاتمے کیلئے پولیس اور پاکستان کسٹم نے کمر کس لی ہے ایک سال کے دوران 179 نان کسٹم پیڈ ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر سندھ نے 9 مئی کے ملزموں کو عام معافی دینے کا مطالبہ کر دیا

افواج پاکستان نے دشمن کے دانت کھٹے کر دیئے، شہدا کو سلام پیش کرتا ہوں

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ نے 9 مئی واقعہ میں ملوث پی ٹی آئی کارکنوں کیلئے عام معافی کا مطالبہ کر دیا، کامران ٹیسوری نے بھارت کے خلاف جنگ میں پاکستان کی فتح اور یوم تشکر پر مزار قائد پر حاضری دی، پھول رکھے اور مہمانوں کی کتاب میں ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کو ایک بار پھر پر لگ گئے، 760 میں فروخت جاری

ڈی سی کے تبادلے کے بعد قصائی مافیا نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فعال کرکے قصابوں کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کریں، شہریوں کا مطالبہ

کے مختلف علاقوں خصوصاً وسطی شہر کے شہریوں عبدالستار بلوچ، سید عبدالرؤف شاکر، سید عبدالکبیر، اصغر خان خلجی و دیگر متعدد شہریوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے انتظامیہ سے شکایت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اس وقت مرغی کے گوشت 650 روپے سے ایک دم بڑھ کر 760 روپے تک جا پہنچی ہے، حکومتی فارم سے مرغیاں خرید کر قصائیوں کو دیا جائے اور انتظامیہ ... کے دور میں مرغی کا گوشت 700 روپے سے کبھی نہیں بڑھی ہے لیکن حال ہی میں جیسے ہی انتظامی سیٹ تبدیل ہوگئے تو قصائی مافیا نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے، مشرق سروے ٹیم نے جب قصائیوں سے پوچھا گیا کہ آپ لوگ مرغیاں کیوں اتنی مہنگا کر فروخت کر رہے ہیں جس پر ایک قصائی نے جواب میں کہا کہ پنجاب فولٹری فارم سے مرغیاں ہمیں ... پانی ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہمیں نقصان کرنا پڑتا ہے۔ اس مسئلے کو شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کیساتھ اٹھانے اور اس پر سخت سے سخت احتجاج کی بھی دھمکی دے چکی ہے۔ انہوں نے موجودہ ڈپٹی کمشنر سے اپیل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ فوری طور پر مرغی کی قیمتوں کو کم کیا جائے تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

پاکستان کی کامیاب دفاعی کارروائی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

کامیابیوں کا جشن مناتے ہوئے، خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے کام کرنا ضروری ہے

یوم تشکر کی تقریب طلباء کو اتحاد اور مشکلات کے مقابلے میں ثابت قدمی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے، مقررین

کوئٹہ (خ ن) یونیورسٹی آف بلوچستان میں یوم تشکر کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، ڈینز، فیکلٹی ممبران، اور طلباء نے بھرپور شرکت کی۔ یہ دن وزیر اعظم شہباز شریف کی ... "آپریشن بنیان مرصوص" کے بعد، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے اور قوم کی یکجہتی کو سراہنے کے لیے منایا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے اپنے خطاب میں امن کی اہمیت اور شہریوں کی اجتماعی ذمہ داری پر زور دیا۔ ...

ڈائریکٹر شیخ محمد بن زید النہیان کارڈیک انسٹیٹیوٹ کوئٹہ بریگیڈیئر عمر افتخار کولوں Bentall procedure سرجری کے کامیاب انعقاد کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

یوم تشکر کے موقع پر گورنمنٹ انٹر کالج پشتون آباد میں خصوصی تقریب کا انعقاد

مسلح افواج کو خراج عقیدت، ملک کی سلامتی اور اتحاد و یگانگت کے لیے خصوصی دعا کی گئی

... گورنمنٹ بوائز انٹر کالج پشتون آباد میں معرکہ حق یوم تشکر اور دفاع وطن کے سلسلے میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں اکیڈمک سٹاف اور ... ملک کی سلامتی و دفاع اور اتحاد و یگانگت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

کوئٹہ: جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی یونیورسٹی آف بلوچستان میں یوم تشکر کے حوالے سے ڈینز، فیکلٹی، جامعہ کے ملازمین اور طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

افواج پاکستان اور قوم کی ثابت قدمی پر سجدہ شکر بجالانے کا دن ہے، امین الدین ایڈوکیٹ

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان کی جرات و بہادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکیل سابق ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل حکومت بلوچستان امین الدین بازئی ایڈوکیٹ کی زیر صدارت یوم تشکر منانے سے متعلق وزیر اعظم میاں شہباز شریف کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کچلاک میں یوم تشکر کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، امین الدین بازئی نے خصوصی تقریب میں کیک کاٹا اور پاکستان کی ترقی و استحکام کے لیے خصوصی دعا کی۔ تقریب میں وکلاء، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور کچلاک کی اہم شخصیات نے شرکت کی یوم تشکر کے ... نے کہا کہ پاک فوج نے ہر محاذ پر ملک کے دفاع کو یقینی بنایا اور پوری قوم نے اتحاد اور یکجہتی کا شاندار مظاہرہ کیا جبکہ تمام سیاسی قوتوں نے ملکی سلامتی کو مقدم رکھا اور قومی یکجہتی نے پاکستان کو سفارتی اور اخلاقی فتح سے ہمکنار کیا۔ ...

ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمتی کام کیلئے 18 مئی کو بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمتی کام کیے جا رہے ہیں اس سلسلے میں 18 مئی کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ منگلی، پی ڈی وی، ملک پلانٹ، جناح روڈ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو، عالم خان، مارک فیکٹری، ایف سی ہسپتال، مالک، کسٹم اور پی اے ایف، بروری روڈ، انڈسٹریل ... بیولز، چشمہ، نوحصار، ویسٹرن بائی پاس فیڈروں سے دن 12 بجے تا شام 4 بجے بجلی بند رہے گی۔ اسکے علاوہ اسی روز 132KV ژور گوادر اور صحت پور گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے تا شام 4 بجے بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کے کھمبے نصب کیے جا رہے ہیں

بلوچستان کی باہمت بیٹی مہوش گل، سی ایس پی افیسر بن گئی

پاکستان کی ترقی خوشحالی کے ساتھ عوام کی خدمت کرنے کے عزم کا اظہار

شوہر ساتھ دیں تو شادی شدہ خواتین اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدل سکتی ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کی باہمت بیٹی مہوش گل صدام نے سی ایس پی کے مقابلے کا امتحان پاس کرنے کے بعد پاکستان کی ترقی خوشحالی اور عوام کی خدمت کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے، مشرق سے گفتگو میں مہوش گل کا کہنا تھا کہ ... تعاون سے ایک اعزازی اسکالرشپ ملی، جس کے تحت وہ UGRAD ایکسچینج پروگرام کے ذریعے امریکہ گئیں، ... انہوں نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے بین الاقوامی تعلقات میں بی ایس کیا۔ دوران تعلیم، انہیں USEFP کے تحت امریکی محکمہ خارجہ کے مالی ... یہ کہانی ان تمام مردوں کے لیے ایک خراج تحسین ہے، جو اپنی شریک حیات کو زندگی کے آگے بڑھنے میں بھرپور ساتھ دیتے ہیں۔

کوئٹہ: سیکرٹ کے زیر اہتمام جاری ورکشاپ پی ایس ڈی ٹیکنیکل ٹریننگ کے گیارہویں روز ریسورس پرسن جوائنٹ ڈائریکٹر سیکرٹ عبدالخالق بلغانی اور ڈاکٹر اصغر خان شرکاء کو بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان کی بیٹیاں باصلاحیت اور باہمت ہیں، کلثوم نیاز بلوچ

تعلیمی اداروں کے مسائل کو اسمبلی فلور پر اجاگر کیا جائے گا، طالبات سے گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) نیشنل پارٹی کی رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ سے بیولمز یونیورسٹی کوئٹہ کی طالبات نے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ... کلثوم نیاز بلوچ نے طالبات کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی بیٹیاں باصلاحیت اور باہمت ہیں ... تعلیمی اداروں کے مسائل کو اسمبلی فلور پر اجاگر کیا جائے گا۔

الحاج میر حسن لہڑی مرحوم کے پوتے فہد حسن لہڑی کے ایصال ثواب کیلئے تعزیت کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (پ ر) الحاج میر حسن لہڑی مرحوم کے پوتے، حاجی میر محمد اسحاق لہڑی کے بھتیجے فہد حسن لہڑی کے ایصال ثواب کیلئے تعزیت کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا، رسم سوئم آج دوپہر ساڑھے بارہ بجے ادا کی جائیگی، جمعہ کے روز سردار ظفر خان کرد، سردار شاہ زمان علیزئی، میر جعفر خان کرد، سردار رند نواز کرد، حاجی دولت لہڑی، میر نسیم لہڑی، سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال، سردار ادریس بزنجو، حاجی رئیس امان اللہ خواجہ خیل، پکار خان لہڑی، حاجی ناصر خارانی، اے ٹی او حسن شاہ کاکڑ، اے ٹی او جمشید کچکی، ملک مصلح الدین مینگل، ... سمیت سینکڑوں افراد نے ریسانی روڈ کلی شیخان میں واقع ان کی رہائش گاہ جاکر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی شہید فہد حسن لہڑی کی رسم سوئم آج بروز ہفتہ دوپہر ساڑھے بارہ بجے لہڑی ہاؤس ریسانی روڈ پر ادا کی جائیگی، شہید فہد حسن لہڑی میر محمد اقبال لہڑی کے فرزند، حاجی محمد اسماعیل لہڑی، شاہد حسن لہڑی، حاجی جاوید لہڑی، حاجی گل حسن لہڑی کے بھتیجے محمد اکبر محمد اسلم محمد اقبال سجاد کے بھانجے علی حسن لہڑی، شیر حسن لہڑی، حاجی نور خان لہڑی، سابق چیئرمین بی ایس او جہانگیر منظور بلوچ، نوید لہڑی، ملک شاہجہان لہڑی، میر عدنان لہڑی کے کزن تھے۔

کنٹونمنٹ بورڈ نے شہباز ٹاؤن میں ریبیز ٹریٹمنٹ سینٹر قائم کردیا

سینٹر میں کتے کے کاٹنے سے متاثرہ مریضوں کا علاج و معالجہ کیا جائے گا

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ کنٹونمنٹ بورڈ نے شہباز ٹاؤن میں ریبیز ٹریٹمنٹ سینٹر قائم کردیا۔ جمعہ کو چیف ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ کنٹونمنٹ بورڈ منصور عالم خان کی جانب سے عوامی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے شہباز ٹاؤن میں ریبیز ٹریٹمنٹ سینٹر قائم کردیا ہے اس سینٹر میں کتے کے کاٹنے سے متاثرہ مریضوں کا علاج و معالجہ کیا جائے گا۔ یہ سہولت بلوچستان میں اپنی نوعیت کی ایک ہے جو جدید عالمی صحت کی تنظیم کی منظوری شدہ طریقوں کے لحاظ سے ہے جو کہ انڈس ہسپتال کراچی اور دنیا کے دیگر مقامات پر عمل درآمد کے تحت ہے۔ اس سہولت سے قریبی علاقوں کو بروقت طبی سہولت میسر ہوگی۔

ٹھیکیدار شیر محمد بزنجو انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما قاری عبدالرب بزنجو کے سالے اور جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا ضیاء الرحمن فاروقی حافظ خلیل الرحمن مولانا عطاء الرحمن کے ماموں، مولانا عبدالقیوم حافظ ثناء اللہ کے والد، غلام نبی بزنجو مرحوم اللہ داد بزنجو عبدالمنان بزنجو کے بھائی تھے نماز جنازہ 11 بجے سریاب موسیٰ کالونی کلی بزنجو میں ادا کی جائے گی۔

عدالت عالیہ کے حکم کے مطابق حق دیا جائے، الاٹیز، کاسی، بحریہ ٹاؤن

سکیم میں جلد از جلد ترقیاتی کام شروع کرکے الاٹیز کی تشویش دور کی جائے، پریس کانفرنس

... حکومت سے اپیل کی ہے کہ عدالت عالیہ کے فیصلے کے مطابق ہمیں ہمارا حق دیا جائے اور سکیم میں جلد از جلد ترقیاتی کاموں کا آغاز کرکے لوگوں میں پائی جانے والی تشویش دور کی جائے گزشتہ کئی سال گزرنے کے باوجود تمام فورم پر آواز اٹھانے پر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے ہمارے غریب لوگوں کے لاکھوں روپے سر چھپانے کی چھت کیلئے ڈوبے ہوئے ہیں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زیادہ تر لوگوں نے اپنی عمر بھر کی جمع پونجی ملازمتوں سے ریٹائر ہونے کے بعد ملنے والے پیسوں سے کاسی بحریہ ٹاؤن میں پلاٹ خریدے ... لوگوں نے اپنی عمر بھر کی جمع پونجی کاسی بحریہ ٹاؤن میں لگا دی ہے۔ نقد 16 لاکھ روپے اور قسطوں پر ساڑھے 3 لاکھ روپے لئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ 2024 میں بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کے مطابق کاسی بحریہ الاٹیز کو انصاف اور حق دیا جائے کاسی بحریہ سکیم کے اندر جلد از جلد ترقیاتی کام شروع کیے جائیں ...

مسلم امت کو غیرت اور جہاد فی سبیل اللہ کے لیے آگے آنا ہوگا، رحیم کاکڑ

عرب کے سرزمین پر عربی خواتین کا ٹرمپ کا استقبال انتہائی شرمناک ہے، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے سینئر رکن سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ نے گزشتہ روز عربی ممالک میں کافر مشرک ٹرمپ کے استقبال میں رسول اللہ ﷺ کے سرزمین پر عربی خواتین کا مشرک ٹرمپ کے بے حیائی کی انتہا کرتے ہوئے عالم ... اسرائیل کا راستہ کوئی نہیں روک سکا ہے اور نہ مظلوم فلسطینیوں کی کوئی مدد کو امریکہ اور اسرائیل کی ذرے نہیں کرتے ان حالات میں کہاں ہے مسلمان اور مسلمانوں کی غیرت جہاد فی سبیل اللہ کریں قطر 40 ملین ڈالر کا طیارہ کافر ٹرمپ کو تحفے میں دیتا ہے ...

وسائل سے مالامال بلوچستان کے نوجوان احساس محرومی کا شکار ہیں، زاہد اختر بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے معدنیات وسائل کی حفاظت نہیں کی گئی تو معاشی حالات مزید خراب ہوجائیں گے اور بدامنی میں مزید اضافہ ہوگا بلوچستان دشمنوں کو عوام کی بدحالی پر پریشانی غربت بے روزگاری نظر نہیں آرہی ان کی بری نظریں معدنیات پر ہیں۔ ...

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سید ظہور آغا کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ناصر لانگو کے بھائی نیک محمد لانگو کیا انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی جاری

کوئٹہ (ایریا رپورٹ) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عوامی خدمتگار عالم جان ہنگورتی کلی عالموں میں نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما سابق اے ڈی سی قلات ڈاکٹر دوست محمد لانگو ارباب نذیر لانگو کے کزن محمد امجد لانگو کے والد عبدالمناف لانگو، ارشاد محمد لانگو ناصر لانگو کے بھائی نیک محمد لانگو کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

کوئٹہ: بی ایس او اور دیگر طلباء کی مشترکہ پریس کانفرنس سے وارث افغان، ایاز خان، صورت و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلیتھ کارڈ پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈاکٹر سمیع اللہ کاکڑ

وزیر صحت کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ زیارت کے مختلف آر ایچ سی اور بی ایچ یو کا معائنہ کیا ہے، سی ای او

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سمیع اللہ کاکڑ نے وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ زیارت کے مختلف آر ایچ سی اور بی ایچ یو کا مانیٹرنگ دورہ کیا اور ڈسٹرکٹ زیارت کے مختلف آر ایچ سی اور بی ایچ یو کا خصوصی معائنہ، تمام طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا مانیٹرنگ کے دوران ... عملے کی حاضری، ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کی سہولت سے متعلق امور پر بھی خاص توجہ دی گئی ... وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر دس روزہ خصوصی مانیٹرنگ مہم جاری ہے ... تاکہ زمینی حقائق کی روشنی میں جامع رپورٹ تیار کی جا سکے۔

سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ یونس بلوچ کے بیٹے کی رسم سوئم میں سیاسی سماجی قبائلی عمائدین نے شرکت کی

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ یونس بلوچ کے بیٹے، حاجی فیصل بلوچ، شاہزیب بلوچ، اسفند بلوچ اور سراج بلوچ کے بھائی ڈاکٹر شاہ رخ بلوچ کی رسم سوئم جمعہ کو ادا کر دی گئی جس میں سیاسی وسماجی رہنماؤں، قبائلی عمائدین سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی جبکہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ... نے فاتحہ خوانی کی۔

پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام کے دکھ درد میں شریک ہے، عبید گورگیج

جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی میر عبید گورگیج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سے بلوچستان کے عوام کے دکھ درد میں شریک رہی ہے اور پارٹی کی قیادت اس صوبے کو اپنا گھر سمجھتی ہے۔ ... کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ جماعت ہے جو غریب، متوسط طبقے، کسان، مزدور، اور طلبہ کی نمائندہ ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے۔ آج بھی جب ملک کو سیاسی استحکام اور اتحاد کی ضرورت ہے، پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو تمام اکائیوں کو ساتھ لے کر چلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ میر عبید گورگیج نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ بلوچستان کے عوام کی خدمت جاری رکھیں گے اور پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے ہر فورم پر ان کے حقوق کی آواز بلند کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ایک نیا سیاسی وژن ابھر کر سامنے آ رہا ہے۔

مسلح افواج نے پاکستانی قوم کا فخر سے بلند کر دیا ہے، چوہدری نعیم کریم

آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی نے بھارت کی عسکری برتری کو خاک میں ملا دیا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کیخلاف پوری قوم نے یکجہتی کا مظاہرہ کرکے ثابت کر دیا ہے کہ وہ اپنی مسلح افواج کی طاقت ہیں، آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر پاکستان کے عوام اور افواج پاکستان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں آج افواج پاکستان کی بہادری اور جرات کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس میں یوم تشکر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ پاک فوج کے آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی نے خطے میں بھارت کی مصنوعی عسکری برتری کو خاک میں ملا دیا آج پوری پاکستانی قوم پاک فوج کی بھارت کے خلاف جنگ میں کامیابی پر یوم تشکر منا رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں سرخرو کیا جس سے پوری پاکستان قوم کا فخر سے سر بلند ہوا۔ ... شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک و قوم کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے انکی قربانی کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر بھارتی جارحیت سے شہید ہونے والے پاک فوج اور عام شہریوں کی روح کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

کوئٹہ، یوم تشکر پر آپریشن بنیان المرصوص کی فتح کا جشن

تقریب میں مختلف طبقات کے افراد نے بھرپور شرکت کر کے اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کیا

چیئرمین کفایت اللہ نے مسلح افواج کی قربانیوں اور بہادری پر خراج تحسین اور عقیدت پیش کیا

کوئٹہ (پ ر) "یوم تشکر" کے موقع پر ایک شاندار اور باوقار تقریب نجی سینٹر میں منعقد ہوئی۔ اس پرعزم تقریب کا مقصد آپریشن "بنیان المرصوص" کی تاریخی اور قابل فخر کامیابی کو خراج تحسین پیش کرنا تھا، وہ عظیم کامیابی جو پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے دشمن بھارت کے خلاف حاصل کی، اور جس نے نہ صرف پوری قوم کے حوصلے بلند کیے بلکہ ملک کی خودمختاری اور سلامتی کو بھی یقینی بنایا ... ان کی عظیم قربانیوں پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں مقررین نے کہا کہ آپریشن "بنیان المرصوص" دشمن بھارت کی جارحیت کے خلاف پاکستان کی دفاعی صلاحیت، قومی اتحاد، اور عسکری حکمت عملی کی ایک عظیم مثال ہے۔ ...

کوئٹہ: گورنمنٹ کالج پشتون آباد میں یوم تشکر کے موقع پر منعقدہ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی اور اتحاد و یگانگت کے لیے خصوصی دعا کی جا رہی ہے

کوئٹہ: سیاسی و قبائلی رہنما میر محمد اسحاق لہڑی، میر محمد اسماعیل لہڑی سے ان کے بھتیجے میر محمد اقبال لہڑی کے فرزند فہد حسن لہڑی کی وفات پر سیاسی و قبائلی عمائدین سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت کر رہے ہیں

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷

مقدمہ نمبر 145/24 CTD خضدار (1) مسمی کمانڈر عارف عرف عابد ولد میر جان قوم بلوچ سکنہ آواران (2) دروعرف دیگ ولد رضا محمد قوم بلوچ سکنہ آواران (3) وحید عرف کمال ولد کشو قوم بلوچ سکنہ آواران (4) محمد علی عرف چنگیز ولد غلام رسول قوم بلوچ سکنہ آواران (5) یوسف عرف کامریڈ ولد محمد حسین قوم بلوچ سکنہ مشکے (6) ولی خان عرف ہیرک قوم بلوچ سکنہ محمد صدیق آواران (7) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم بلوچ سکنہ محمد حسنی جرم زیر دفعہ 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بطابق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کر لیے ہیں ... (1) کامریڈ عارف عرف عابد (2) دروعرف دیگ (3) وحید عرف کمال (4) محمد علی عرف چنگیز (5) یوسف عرف کامریڈ (6) ولی خان عرف ہیرک (7) ڈاکٹر اللہ نذر کو لازم ہے کہ بتاریخ 26-05-2025 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 4467/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰) ۱۹ انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷

مقدمہ نمبر 105/2024 CTD خضدار (1) مسمی کمانڈر عارف عرف عابد (2) درو عرف دیگ (3) سلام ولد لعل جان سکنہ مشکے (4) سلال ولد لعل جان سکنہ مشکے (5) محمد علی عرف چنگیز (6) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش سکنہ مشکے (7) ترجمان BLF اختر ندیم عرف میجر گہرام بلوچ ولد لعل بخش سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ 353-186-21(i) 07 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بطابق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کر لیے ہیں لہٰذا اس اشتہار کی رو سے ... سلام (5) محمد علی عرف چنگیز (6) ڈاکٹر اللہ نذر (7) ترجمان BLF اختر ندیم عرف میجر گہرام بلوچ کو لازم ہے کہ بتاریخ 29-05-2025 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 4470/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

In reference to Notice for Rescheduling of Interview published vide PRQ No.4318/09.05.2025, the date of interview for the position of Ombudsperson for protection against harassment of women at workplace, earlier scheduled for 20th May 2025, is hereby revised to 29th May 2025.

The venue and time for the interview remain unchanged. Candidates are advised to take note of the revised date.

Section Officer (Admn:)
Women Development
Department

PRQ No.4421/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The undersigned has invited Tender of Procurement of Vehicles. i. Toyota Revo Double Cabin Manual 2.8 CC vide this office Notice Inviting Tender No. 2041 dated 11/05/2025 with opening date 27-05-2025 and advertised in Daily Newspapers vide PRQ No. 4336/09-05-2025, Some Terms and Condition are increased Eligibility Criteria can be check on BPPRA Website.

EXECUTIVE ENGINEER
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
DIVISION DERA BUGTI

PRQ No.4422/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The Email Rafiqayaz50@gmail.com and cell No: 03003830436 was published in local newspapers vide PRQ No. 4391/13-05-2025 dated 13 May 2025 and PRQ No. 4392/13-05-2025.

The same may be corrected and publish as:-

Email: inayatullahtareen@gmail.com

Cell No:0333-7808414

DIRECTOR
TECHNICAL EDUCATION
BALOCHISTAN

PRQ No.4423/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER CANCELLATION

it is to inform that the tender for purchase of Plant & machinery for District Prison Killa Saifullah under TSE-242505704281, advertised vide PRQ No.4322/09-05-2025 has been cancelled

AIG (Admin: & Finance)
For Inspector General of Prisions
Balochistan Samungli Road
Quetta

PRQ No.4424/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM/AMENDMENT

it is to inform that, amendements have been made in Eligibility Requirements and Data Shaeets of bidding documents pertaining to TSE-242505704271, published vide PRQ No.4322/09-05-2025 in daily newspapers

All other terms and conditions will remain the same .

AIG (Admin: & Finance)
For Inspector General of Prisions
Balochistan Samungli Road
Quetta

PRQ No.4425/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصیح اشتہار

محکمہ تعلیمات کالجز PRQ.NO.4200/29-4-2025 کے تحت اشتہار میں تصیح کی جاری ہے۔ جس میں گورنمنٹ بوائز انٹر کالج ملار میں مالی کی (03) آسامیاں مشتہر کی گئی تھی۔ ان تین آسامیوں کو صرف (01) پڑھا جائے۔ اور تمام آسامیاں ضلعی سطح پر پر کی جائیگی۔

ناظم تعلیمات کالجز و ھائیر ایجوکیشن بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 4458/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 8 سول جج محمد احتشام قیصرانی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 22/25 تاریخ سماعت 27-05-25

1۔ مسماۃ ریحانہ یاسمین بیوہ جاوید اقبال۔ 2۔ محمد حسن جاوید سکنہ محمد علی پلازہ شہباز ٹاؤن فیز III کوئٹہ

بنام عوام الناس درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا سائلان نے ایک درخواست جانشینی گزاری ہے جس کی تاریخ سماعت 27-05-2025 کو مقرر ہو چکی ہے ... آج بتاریخ 13-05-2025 ...

جوڈیشل مجسٹریٹ VIII سول جج کوئٹہ

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 8 سول جج محمد احتشام قیصرانی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 23/25 تاریخ سماعت 27-05-25

1۔ مسماۃ ریحانہ یاسمین بیوہ جاوید اقبال۔ 2۔ محمد حسن جاوید سکنہ محمد علی پلازہ شہباز ٹاؤن فیز III کوئٹہ

بنام عوام الناس درخواست برائے حصول لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا سائلان نے ایک درخواست جانشینی گزاری ہے جس کی تاریخ سماعت 27-05-2025 کو مقرر ہو چکی ہے ... آج بتاریخ 13-05-2025 ...

جوڈیشل مجسٹریٹ VIII سول جج کوئٹہ

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص خوراک کی فروخت کیخلاف کارروائیاں

جمعہ کو مختلف ٹیموں نے کوئٹہ شہر میں معائنہ کے دوران حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 23 خوراک کی مراکز کے مالکان کو جرمانہ کیا

6 جنرل اسٹورز سے ایکسپائرڈ مصنوعات، مشروبات، مصالحے، سرکہ جات، مضر صحت رنگ، ممنوعہ چائنیز نمک برآمد کر کے جرمانہ عائد کیا

دودھ کے معیار کی جانچ کے دوران "ملک ٹیسٹنگ ٹیم" نے قوانین کی خلاف ورزی پر 2 دکان مالکان کو جرمانہ کیا جبکہ 4 نمونے [illegible]

کوئٹہ (شاہ فہد) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے [illegible] کیا گیا۔ اسی طرح سیٹلائٹ ٹاؤن اور سریاب روڈ پر موجود اشیاء خورد و نوش کے مراکز کی انسپکشن کے دوران 6 جنرل اسٹورز سے ایکسپائرڈ مصنوعات، مشروبات، مصالحے، سرکہ جات، مضر صحت رنگ، پابندی [illegible]

حاجی سردار ریاض خان [illegible] کی قیادت میں [illegible] ریلی

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں معمولی کمی ناکافی ہے، اے کے ایم

عوام کو عالمی قیمتوں کے مطابق ریلیف نہ دینا ناکام گورننس کا منہ بولتا ثبوت ہے

عوامی قوت خرید کے پیش نظر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں 50% کمی کی جائے

کوئٹہ (پ ر) [illegible] دورو چکی ناکامی ہے اور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کے مترادف اقدام ہے عوام کو عالمی منڈی کی قیمتوں کے مطابق ریلیف نہ دینا ناکام گورننس کا منہ بولتا ثبوت ہے ملک میں ایک طرف تاریخ کی بدترین مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے دوسری طرف عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود عوام کو ریلیف نہ دینا ناکام گورننس کا منہ بولتا ثبوت [illegible] ان ایکشن نہ ہوئی تو حالات کے ذمہ دار حکمران جماعتیں ہوں گی بے یار و مددگار عوام کیلئے اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں 50% تک کمی کا اعلان کیا جائے تاکہ مہنگائی کے طوفان سے غریب عوام خودکشی کرنے پر مجبور نہ ہو کیونکہ صوبے کے 80% عوام خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

سبی اور گرد و نواح میں بجلی کی لوڈشیڈنگ بڑھ گئی ہے، علی نواز قادری

[illegible] سبب سخت گرمی پچاس ڈگری سے بھی تجاوز کر جاتا ہے جس سے بچوں نوجوانوں اور خواتین حضرات بے ہوش ہو کر سرکاری و پرائیویٹ ہسپتالوں میں پہنچ رہے ہیں سبی شہر میں جاری شدید گرمی کے سبب بچوں، نوجوانوں اور ضعیف العمر افراد کی مشکلات کو کم کرنے کیلئے بجلی کی چوبیس گھنٹے فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ سبی شہر کو بجلی کی لوڈشیڈنگ [illegible]

کیو سی سی آئی ترکی اور آذربائیجان کیساتھ کاروبار بڑھانے کیلئے پُرعزم ہے

انڈیا کی پاکستان سے شکست کے بعد وہاں ان ممالک سے کاروباری وسیاحتی بائیکاٹ مودی سرکار اور عوام کی بوکھلاہٹ کا نتیجہ ہے، پیٹرن ان چیف

حکومت پاکستان اور پورے ملک کی بزنس کمیونٹی دوست ممالک ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ بھرپور کاروباری تعلقات کیلئے آگے بڑھے،، صدر

بھارت جنگ میں واضح شکست کا ملبہ کبھی ترکی تو کبھی آذربائیجان اور کبھی چین پر گرا کر اپنی ناکامی کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے، سینئر نائب صدر

کوئٹہ (شاہ فہد) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے پیٹرن ان چیف حاجی غلام فاروق خلجی، صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میر ولی خان کاکڑ نے انڈیا میں ترکی اور آذربائیجان کے بائیکاٹ اور وہاں کے سیاحتی مقامات کے لئے جانے والے افراد کی جانب سے ٹکٹوں کی منسوخی کو مودی سرکار اور عوام کی بوکھلاہٹ کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پاکستان اور بزنس کمیونٹی کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اسلامی دوست ملک ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ بھرپور کاروباری تعلقات کیلئے آگے بڑھے اس سلسلے میں بلوچستان کے تجارت پیشہ افراد ہر اول دستے کا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان آنے والے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاک بھارت حالیہ جنگ میں ترکی اور آذربائیجان کی جانب سے ڈنکے کی چوٹ پاکستان کی حمایت کا اعلان کیا گیا اور انڈین جارحیت کے جواب میں پاکستان کی جانب سے بنیان المرصوص آپریشن کیا گیا جس سے بھارت کی فضائیہ اور بری فوج کو سخت نقصانات اٹھانا پڑے اب بھارت جنگ میں واضح شکست کا ملبہ کبھی ترکی تو کبھی آذربائیجان اور کبھی چین پر گرا کر اپنی ناکامی کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن و تمغہ امتیاز نعمت اللہ ظہیر ملاقات کر رہے ہیں

جیکب آباد بھائی نے بھابھی کو قتل اور بھائی کو زخمی کر دیا

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد، بھائیوں کے درمیان پلاٹ کے معاملہ جھگڑا، بھائی نے بھابھی کو قتل اور بھائی کو زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل گڑھی خیرو کے تاجو دیرو تھانہ کی حدود گاؤں افضل بروہی میں دو بھائیوں کے درمیان پلاٹ کی تقسیم کے معاملے پر جھگڑا ہو گیا، ملزم وحید بروہی نے جھگڑا ختم کرانے کے لیے آنے والی بھابھی حسینہ کو چاقو کے وار کر کے قتل کر دیا جبکہ اپنے بھائی علی بخش بروہی کو زخمی کر کے فرار ہو گیا، پولیس نے پہنچ کر لاش اور زخمی کو اسپتال منتقل کیا جہاں لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثہ کے حوالے کی گئی جبکہ زخمی کا علاج کیا جا رہا ہے

آپریشن بنیان المرصوص، افواج پاکستان کی فتح قوم کا فخر ہے، میر علی احمد ابابکی

زمینی، فضائی و سمندری محاذوں پر کامیابی نے پاکستان کو ناقابل تسخیر ریاست ثابت کیا، بیان

کوئٹہ (پ ر) افواج پاکستان کی جانب سے آپریشن بنیان المرصوص میں حاصل کی گئی شاندار کامیابی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اس کامیاب آپریشن نے نہ صرف دشمن بھارت کی جارحیت کا مؤثر جواب دیا بلکہ پاکستان کی سرحدوں کے تحفظ کو یقینی بنا کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ان خیالات کا اظہار قبائلی و سیاسی رہنما اور آکاش ٹرینٹ اینڈ ریسٹوبلیشن کے ڈائریکٹر میر علی احمد ابابکی نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص پاکستان کی عسکری تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے، جس نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان کی مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے ہر لمحہ تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کا جس انداز سے جواب دیا گیا، وہ صرف عسکری مہارت ہی نہیں بلکہ قومی یکجہتی اور جذبہ ایمانی کا بھی مظہر ہے۔ اس آپریشن نے بھارت کے جنگی عزائم کو خاک میں ملایا اور دشمن کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان ایک خودمختار اور مضبوط دفاعی ریاست ہے، جو اپنے وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج نے نہ صرف زمینی حدود بلکہ فضائی اور سمندری دفاع کو بھی مکمل طور پر یقینی بنایا

حب میں یوم تشکر پر ضلع بھر میں پرچم کشائی کی تقریبات

دفاع وطن کیلئے قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہے، ڈپٹی کمشنر

حب (یو این اے) ضلع حب میں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے بھارت کی جارحیت پر افواج پاکستان کے مؤثر اور منہ توڑ جواب کی خوشی میں یوم تشکر کی تقریبات جوش و جذبے سے منائی گئیں۔ مرکزی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوئی، جہاں ڈپٹی کمشنر نثار احمد لانگو نے قومی پرچم کشائی کی، پولیس کے چاک و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ تقریب میں میئر حب وڈیرہ بابو فیض محمد، ضلعی افسران، سول سوسائٹی، طلبہ اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ ملک و قوم کی سربلندی، پاک افواج کی کامیابی اور وطن عزیز کے استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نثار احمد لانگو نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان پر مکمل اعتماد رکھتی ہے اور ملکی دفاع کے لیے ایک پیج پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جارحیت کا جرات مندانہ جواب دینے پر قوم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ یوم تشکر کے موقع پر ضلع بھر کے تمام اسکولوں، ضلعی دفاتر اور تحصیلوں میں بھی پرچم کشائی کی گئی، جب کہ نماز جمعہ کے بعد مقامی مساجد میں علمائے کرام کے تعاون سے قرآن خوانی اور دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ تعلیمی اداروں میں حب الوطنی پر مبنی تقریری مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) اور ڈی ایس پی یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان یوم تشکر کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک فوج کی تاریخی فتح پر یوم تشکر منانا باعث افتخار ہے، سی ای او کیسکو

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان نے اپنے دشمن بھارت کو زیر کر کے ایک عظیم فتح حاصل کی اور اپنی برتری ثابت کر لی

ہماری بہادر مسلح افواج نے دشمن کے خلاف فوری اور موثر کارروائی کرتے ہوئے عملی طور پر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر دکھایا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے افسران و ملازمین نے جمعہ کے روز کیسکو ہیڈکوارٹر میں یوم تشکر منایا۔ تقریب میں کیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان، کیسکو کے تمام چیف انجینئرز، پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جائنٹ صدر اور صوبائی چیئرمین حاجی محمد رمضان اچکزئی اور کیسکو افسران و ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق میں پاک فوج کی تاریخی فتح پر آج ہمیں یہ سعادت حاصل ہوئی ہے کہ ہم یوم تشکر منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان نے اپنے دشمن بھارت کو زیر کر کے ایک عظیم فتح اور کامیابی حاصل کی اور اس جنگ میں ہماری مسلح افواج کے جوانوں نے دشمن کے خلاف فوری اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے اُن کا منہ توڑ جواب دیکر جرات و بہادری کی بے مثال اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار کا عملی مظاہرہ کیا جس پر ساری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جنگ میں ہماری افواج اور عام شہریوں نے اپنی جانوں کی بیش قیمت قربانیاں پیش کیں اور یہ قربانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

محمد زاہد اختر خاکی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات تعینات

اساتذہ، آفیسران اور عملے کا اظہار مسرت اور اُن کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

اسلام آباد (شاکر رحمن) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے محمد زاہد اختر خاکی کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا نیا کنٹرولر امتحانات تعینات کر دیا ہے، نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد انہوں نے باقاعدہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ اس سے قبل وہ ایڈیشنل کنٹرولر امتحانات کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کی تقرری پر یونیورسٹی کے اساتذہ، اعلیٰ افسران اور عملے کے ارکان نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اُن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اپنے تجربے اور قائدانہ صلاحیتوں سے امتحانی نظام کو مزید مؤثر اور شفاف بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

یونیورسٹی آف تربت میں سولر واٹر سپلائی سسٹم نصب کریں گے، برکت علی رند

اسکیم کی تکمیل سے طلبہ، اساتذہ و باغات کیلئے وافر پانی کی دستیابی یقینی ہو جائے گی

تربت (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رکن اور حلقہ پی بی-27 کیچ سے منتخب نمائندہ حاجی برکت علی رند نے یونیورسٹی آف تربت کے لیے سولر واٹر سپلائی اسکیم کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے بروز جمعہ ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایم پی اے حاجی برکت علی رند نے کہا کہ اس اسکیم کی تکمیل سے یونیورسٹی کے طلبہ، اساتذہ اور عملے سمیت کیمپس کے سبزہ زار، درختوں اور پودوں کے لیے پانی کی دستیابی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اس اہم اقدام پر ایم پی اے حاجی برکت علی رند کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیم طلبہ اور عملے کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ تربت یونیورسٹی کے سرسبز ماحول کو برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم حاجی برکت رند کے شکرگزار ہیں

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں یوم تشکر کی تقریب

ملک و قوم کی خدمت کو اپنا نصب العین بنائیں گی، طالبات کا عزم

گوادر (آن لائن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں یوم تشکر کی پروقار اور پرعزم تقریب ملی جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد قومی پرچم کشائی کی باوقار رسم ادا کی گئی۔ اس موقع پر پرنسپل، اساتذہ اور طالبات نے قومی ترانے کی گونج میں پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران کالج کی حدود میں ایک ریلی بھی نکالی گئی جس میں پرنسپل، لیکچرار صاحبان اور طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے پرجوش نعرے لگائے اور پاک افواج کو ان کی قربانیوں پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر پرنسپل، لیکچررز اور طالبات نے یوم تشکر کے حوالے سے ولولہ انگیز تقاریر پیش کیں جن میں قومی یکجہتی، افواج پاکستان کی قربانیوں، ملک کو درپیش چیلنجز اور شکرگزاری کے جذبے کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کا اختتام وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اجتماعی دعا پر ہوا۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے حصے کا کردار ادا کرتے ہوئے

بی پی ایس سی کے حالیہ جاری کردہ نتائج میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لیا جائے، وارث افغان

امتحانی عمل کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کر کے پیپرز کی ری چیکنگ اور امتحان کے دوبارہ انعقاد پر غور کیا جائے، ایاز خان

موجودہ کمیٹی جس پر جانبداری اور کرپشن کے الزامات ہیں کو تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کے امتحانات سے ہٹایا جائے، صورت خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کی طلباء تنظیموں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن، پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن اور نیشنل اسٹوڈنٹس موومنٹ کے رہنماؤں وارث افغان، ایاز خان اور صورت خان نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ہمارے چار نکاتی مطالبات جن میں امتحانی عمل کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کر کے پیپرز خصوصاً پشتو کے پرچے کی ری چیکنگ اور امتحان کے دوبارہ انعقاد پر غور کیا جائے اور نتائج عوام کے سامنے لائے جائیں۔ موجودہ بی پی ایس سی کمیٹی جس پر جانبداری اور کرپشن کے الزامات ہیں کو تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کے امتحانات سے ہٹایا جائے حالیہ امتحانات میں چیئرمین بی پی ایس سی ایک فرد کو ایڈیشنل چارج دیکر اقربا پروری کی گئی اس عمل کی تحقیقات کی جائے تاکہ انہیں قانون کے مطابق سزا دی جا سکے ان پر عمل کیا جائے بصورت دیگر ہم احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے حالیہ جاری کردہ نتائج میں بے ضابطگیاں پشتون دشمنی پر مبنی میرٹ کی پامالی، مبینہ کرپشن اور من پسند امیدواروں کو نوازنے جیسے اقدامات کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں امتحانات میں پشتو مضمون کے امیدواروں کو 55 نمبر دیئے گئے جو غیر معمولی طور پر کم ہے

پنجاب میں بلٹ اور ہائی سپیڈ ٹرین پراجیکٹس زیر غور ہیں، حنیف عباسی

مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے

سلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی نے لاہور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال، قومی سلامتی، ترقیاتی منصوبوں اور پنجاب میں جدید ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پنجاب کی پہلی بلٹ ٹرین اور ہائی سپیڈ ٹرین پراجیکٹس پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے آپریشن "بنیان مرصوص" کی کامیابی پر افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی نے سی ایم لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ فیز ٹو کی کامیابی کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص قومی سلامتی کے تحفظ میں سیاسی و عسکری قیادت سمیت قوم کے مثالی اتحاد کا ثبوت ہے۔ پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ جانوں کے نذرانے دے کر وطن عزیز کو محفوظ رکھا ہے۔ آج کا پاکستان مضبوط ہاتھوں میں ہے اور پوری قوم اپنی افواج اور اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملک کو درپیش چیلنجز کا حل صرف سیاسی استحکام، قومی یکجہتی اور ترقیاتی تسلسل میں ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ پنجاب کے عوام کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کی جائیں۔ بلٹ ٹرین اور جدید ریلوے نیٹ ورک سے سہولت سمیت معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی نے کہا کہ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ایک بار پھر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے۔

افواج پاکستان نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا: عرفان اسلم

آپریشن بنیان المرصوص کے ذریعے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ثابت کیا

کوئٹہ (اے این این) پاکستان فیبرک سٹیچنگ ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اسلم نے کہا ہے کہ ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کے سلوگن سے آراستہ افواج پاکستان نے آپریشن "بنیان مرصوص" کے ذریعے بھارت کا غرور خاک میں ملا کر دنیا پر ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، آپریشن بنیان مرصوص عسکری برتری، قومی غیرت اور اتحاد کی روشن علامت ہے جس کے ذریعے دشمن کو واضح پیغام دیا جا چکا ہے کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا عبرتناک انجام ہو گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز معرکہ حق میں تاریخی فتح پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے سلسلے میں یوم تشکر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ارحم اپیرال سٹیچنگ یونٹ کے چیف ایگزیکٹو عرفان اسلم نے پاک فضائیہ کے بہادر و پروفیشنل پائلٹس اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے، جنہوں نے دشمن کی جارحیت کا بہادری سے جواب دے کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ پاکستان فیبرک سٹیچنگ ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اسلم نے محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قیادت میں حاصل کردہ ایٹمی صلاحیت آج پاکستان کے دفاع کی مضبوط ترین ضمانت ہے

ملک و قوم کیلئے قربانی دینے والے قومی ہیرو ہیں، زرک خان مندوخیل

عوام اس ملک کی وارث ہے جس نے پاک بھارت کشیدگی میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ملکر بھارتی غرور کو خاک میں ملا دیا

بھارت کے خلاف پاکستان کی شاندار جیت پر آج بلوچستان بھر میں یوم تشکر و جشن فتح منا رہے ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ معرکہ حق بنیان مرصوص نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان زندہ قوم ہے جب وطن بھی پاکستان کی سالمیت کی بات آئی تو قوم نے پاک فوج کے ساتھ متحد ہو کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے ملک و قوم کے لئے قربانی دینے والے ہمارے شہدا قومی ہیرو ہیں، بھارت کے خلاف پاکستان کی شاندار جیت پر آج بلوچستان بھر میں یوم تشکر پاکستان جشن فتح منا رہے ہیں وطن کی حفاظت کی خاطر قربانی دینے والے پاک فوج کے جوانوں اور سویلین شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو زرغون روڈ سے اپنے دفتر سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پاکستانی جھنڈے اٹھا رکھے تھے ریلی کے شرکاء پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کرتے رہے۔ ریلی زرغون روڈ، انسکوب روڈ پریس روڈ سے ہوتی ہوئی ہاکی چوک پر جلسہ گاہ پہنچی۔

بلوچستان کی محرومیوں کے ازالے کیلئے آواز بلند کرینگے، اکرم بنگلزئی

بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے، سینئر رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما اور ممتاز قبائلی شخصیت "میر اکرم بنگلزئی" نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ واحد قومی جماعت ہے جو تمام اکائیوں کو یکساں اہمیت دیتی ہے اور بلوچستان سمیت تمام محروم علاقوں کی آواز بن کر ابھری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ وفاق کی مضبوطی، آئینی برابری اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے کردار ادا کیا ہے، اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔ میر اکرم بنگلزئی نے کہا کہ بلوچستان کو کئی دہائیوں سے نظر انداز کیا گیا، یہاں کے نوجوان، کسان، مزدور اور قبائلی عوام بنیادی سہولیات سے محروم رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی اس استحصال کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل، جیسے گیس، معدنیات اور ساحلی خزانے، پر سب سے پہلا حق مقامی آبادی کا ہے، اور پیپلز پارٹی ان کے معاشی و سیاسی حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی

ڈی سی زیارت اور ماسٹر پلان کے کنسٹرکٹر کا اجلاس منعقد ہوا

زیارت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی زیر صدارت زیارت کے بڑے پروجیکٹ بچھ تا زیارت روڈ، زیارت تا سنجاوی روڈ زیارت ماسٹر پلان کے کنسٹرکٹر کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں مشینری، فیلڈ سٹاف کا تحفظ اور سکیورٹی صورتحال کے بارے میں بات چیت کی گئی ڈپٹی کمشنر زیارت نے کنسٹرکٹر کو پابند کرتے ہوئے کہا کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے دی گئی فیلڈ سٹاف اور مشینری کی سکیورٹی کی ڈیٹیل ہمارے ساتھ شیئر کریں۔

پاکستان اپنی سلامتی پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، خان محمد جتک

افواج پاکستان ملک کے ہر انچ کا تحفظ کرنا جانتی ہیں، رہنما پاکستان سنی تحریک

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے بھارتی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات کی تاریکی میں نہتے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ بین الاقوامی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے جس کی ہر سطح پر مذمت کی جانی چاہیے۔ خان محمد جتک نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے دشمن کو بروقت اور منہ توڑ جواب دیا ہے، جس سے نہ صرف قوم کا سر فخر سے بلند ہوا بلکہ یہ بھی ثابت ہوا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ہرگز نہیں کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی افواج ملک کے ہر انچ کا تحفظ جانتی ہیں اور امن کا خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر دشمن نے جارحیت کی کوشش کی تو ہر پاکستانی سپاہی اور شہری بہادری سے اپنے وطن کے دفاع کے لیے کھڑا ہو گا، جس طرح 1965 اور 1971 کی جنگوں میں قوم نے قربانیاں دی تھیں، ویسے ہی آج بھی ہم سب وطن کے تحفظ کے لیے ہر قربانی سے دریغ نہیں کریں



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری کوئٹہ پولیس اور ٹریفک پولیس کی مختلف کارروائیوں میں پکڑی گئی گاڑیوں کو چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان عبدالباسط مقصود عباسی کے حوالے کر رہے ہیں

گوادر، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری سین بلوچ کالج میں یوم تشکر کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

معرکہ حق میں تاریخی کامیابی کا سہرا پاک فوج کے سر ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز

پاکستان کی بہادر افواج نے معرکہ حق میں غیر معمولی جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے

ازلی بزدل بھارت کو اس کے ناپاک عزائم میں کبھی بھی اور کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، یوم تشکر پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے یوم تشکر کے موقع پر قوم اور پاک افواج کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستانی فوج کی لازوال بہادری اور پاکستان کی تاریخی فتح بہادر پاک فوج کے مرہون منت ہے۔ انہوں نے یوم تشکر کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغام میں پاک افواج اور قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے معرکہ حق میں غیر معمولی جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے اور بھارت کا جنگی طاقت کا وہم خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران پوری قوم نے جس ہم آہنگی اور بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے یوم تشکر کے موقع پر پاک افواج کے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کیا کہ جن کی قربانیوں، بہادری اور جرات کے باعث پاکستانی قوم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہی ہے۔ انہوں نے پاک فوج کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سپہ سالار جنرل عاصم منیر اور تمام افواج پاکستان کا بھی شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا اور اپنی لازوال بہادری اور جرات سے بھارت کو شکست فاش دی۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے بھارت کو وہ سبق سکھایا ہے جسے وہ کبھی بھول نہیں پائے گا اور رہتی دنیا تک پاکستان سے ٹکرانے کے لئے سو بار سوچے گا۔

اشیائے ضروریہ عوام کی قوت خرید سے باہر ہیں، علامہ داد محمد

حکومت اور ضلعی انتظامیہ پرائس کنٹرول میں ناکام ہیں، رہنما، اتحاد اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ و بزرگ عالم دین فخر اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابو الرضا داد محمد فریادی دامت برکاتہ العالیہ سے ڈاکٹر رحم علی قادری کی قیادت میں سرکاری و پرائیوٹ ملازمین کے وفد نے ملاقات کی اور انہیں حالیہ بجٹ، بڑھتی ہوئی مہنگائی، محدود تنخواہ سمیت دیگر معاشی مسائل پر مفصل تبادلہ خیال کیا گیا جس پر علامہ داد محمد فریادی دامت برکاتہ العالیہ نے ملازمین کی بھرپور حمایت کرنے اور انکے جائز مسائل کو ہر پلیٹ فارم پر اجاگر کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نئے والے بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں چار سو فیصد تک اضافہ کرے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں اضافہ کر کے ملازمین کو ریلیف فراہم کیا جائے اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں چار سو فیصد اضافہ کر کے دیگر ملازمین کو کوئی ایم ایف کی لولی پاپ تھمانا مضحکہ خیز ہے جو مقتدرہ قوتوں کیلئے بھی لمحہ فکریہ ہے انہوں نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی کا

10 مئی حق کی فتح، یوم تشکر اور یوم افتخار پاکستان ہے، وائس چانسلر بیوٹمز

عظیم فتح اور شجاعت کی یہ داستان تدریسی نصاب کا حصہ ہونی چاہیے تاکہ آنے والی نسلیں اپنی بہادر افواج پر فخر محسوس کریں

نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کہ وطن عزیز کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں اور پاکستان کو مضبوط بنائیں، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں یوم تشکر پاکستان کے حوالے سے منعقدہ پروقار تقریب میں طلبا اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے کہا کہ 10 مئی یوم تشکر و یوم فخر پاکستان ہے، عظیم فتح اور شجاعت کی یہ داستان تدریسی نصاب کا حصہ ہونی چاہیے تاکہ آنے والی نسلیں اپنی بہادر افواج پر فخر محسوس کریں۔

گوادر میں اساتذہ کی کمی کو جلد پورا کیا جائے گا، ڈی سی

گوادر (آن لائن) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تعلیمی نظام، درپیش مسائل اور ان کے ممکنہ حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نصیر احمد، ایکسین بی اینڈ آر احتشام، یونیسف، آر ٹی ایس ایم اور دیگر تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے دوران ایس بی کے ٹیسٹنگ سسٹم کے تحت اساتذہ کی تعیناتی اور مجموعی نتائج سے متعلق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے معلومات حاصل کیں۔

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-242505710954 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of **"Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Selection of financial Firms for Providing Financial and Technical services without rates.**

Bid Security 2% **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Selection of financial Firms for Providing Financial and Technical services	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 16,000,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration The firm must be a SECP registered firm with sound track record in conducting feasibility studies, investment analysis, and technical assessments services; The firm must have prior proven experience in conducting feasibility studies, investment analysis, and technical assessments. Expertise in market analysis & investment planning, financial modeling & risk assessment, legal & regulatory review, environmental & social impact assessment, funding strategy development, infrastructure & resource evaluation for projects - at least 03 successfully closed projects in the last 05 years. The Team lead of the firm must have over 15 years of experience in the feasibility study, survays and technical studies advisory domain with qualification not less than CA/ACCA/CFA or MBA (Finance); The transaction team must have one (01) resources with sound experience of at least 5 years in the feasibility study, survays and technical studies development, structuring and execution domain (CV of resource to be furnished). The firm must have a local presence in Pakistan; **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk).
Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 27 May, 2025 till 10:00 AM
Tender opening: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at on **28 May 2025** 11:00 AM Address: Phone no: 0812822836 Email: ceobboit@gmail.com

AB No.1100/16-05-2025

ASSISTANT DIRECTOR
BALOCHISTAN BOARD OF INVESTMENT AND TRADE

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ

ٹینڈر نوٹس

(1) فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ کو QCBs Truma & First Aid Kits کی خریداری کیلئے رجسٹرڈ کمپنیز سے برائے سال (2024-2025) سربمہر لفافوں میں ٹیکنیکل کوٹیشنز (بغیر ریٹ کے) اور فنانشل کوٹیشنز (بمع ریٹ) الگ الگ (بغیر کٹنگ اور کانٹ چھانٹ) درکار ہیں۔
(2) کوٹیشنز جمع کرانے کی آخری تاریخ 02 جون 2025 کو صبح 1100 بجے ہے۔ ٹیکنیکل آفرز اسی روز یعنی 02 جون 2025 کو صبح 1130 بجے جبکہ فنانشل آفرز مورخہ 04 جون 2025 صبح 1130 بجے کمپنی نمائندگان کے روبرو کھولی جائیں گی۔
(3) ٹینڈر دستاویزات اور اشیاء کی تفصیل زیر دستخطی کے دفتر سے بعوض -/2,000 روپے (ناقابل واپسی) ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔
(4) ٹینڈر کے ساتھ مبلغ -/23,060,000 بطور زر ضمانت ڈیپازٹ (CDR) بنام DDMS HQFC Balochistan (North) Quetta منسلک ہونا ضروری ہے۔
(5) مقررہ مدت میں کام نہ کرنے پر زر ضمانت ضبط کر لیا جائے گا۔
(6) کمپنی فرم کا NTN اور ٹیکس دہندہ ہونا ضروری ہے۔
(7) مزید معلومات کیلئے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 081-9201462, 0347-983209 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
(8) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کوئی ایک یا تمام ٹینڈرز PPRA رولز کے تحت منظور یا مسترد کر سکتے ہیں۔

PID(Q)440/24

کرنل
ڈپٹی ڈائریکٹر میڈیکل سروسز
برائے آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ ۸۷ ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (۱۰)۱۹ انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷
مقدمہ نمبر 90/24 CTD خضدار (1) مسمی ندیم عرف قمبر ولد جمیل احمد سکنہ ترتیج آواران (2) ظریف عرف شے جان ولد حمل سکنہ کراچی بازار ہزار دار (3) قدیر عرف ملنگ ولد محمد مچھی مالدار (4) نیاز عرف گمان ولد قادر بخش سکنہ مزار آباد ترتیج (5) ظریف عرف سلمان ولد محمد حیات سکنہ سیاہ گزی آواران (6) وزیر ولد حاصل سکنہ جھو بزدار (7) بداری عرف پیرک ولد شفیع محمد (8) زولیخہ زوجہ عثمانی سکنہ کنسود بازار ترتیج آواران (9) جمیلہ زوجہ حضور بخش سکنہ ڈم گشکور (10) اختر ندیم عرف گہرام ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ مشکے آواران (11) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ مشکے آواران (12) سالوک عرف مجلس کا بین جرم زیر دفعہ 148-186-353 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان ملزمان بالا (1) قدیر عرف ملنگ (2) ندیم عرف قمبر (3) ظریف عرف شے (4) نیاز عرف گمان (5) ظریف عرف سلیمان (6) وزیر (7) بداری عرف پیرک (8) زولیخہ (9) جمیلہ (10) اختر ندیم عرف گہرام (11) ڈاکٹر اللہ نذر (12) سالوک عرف مجلس کو لازم ہے کہ بتاریخ 27-05-2025 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No4469/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر 4-A ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 17 مئی 2025ء

یوم تشکر: پاکستان کی امن پسندی اور قومی اتحاد و یکجہتی کا اہم مظہر!!

گزشتہ روز یعنی جمعہ کے دن پورے ملک میں یوم تشکر منایا گیا اور یہ دن فی الحقیقت پاکستان کی تاریخ میں ایک سنہرے باب کا اضافہ ہے کیونکہ یہ دن اس خوشی کا اظہار تھا کہ پاکستان نے اپنی سالمیت اور خودمختاری کا دفاع کرتے ہوئے بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ پوری قوم نے یک زبان ہو کر اس دن کو منایا اور اپنی بہادر مسلح افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ یہ دن صرف ایک جشن نہیں تھا، بلکہ پاکستان کے امن دوست ہونے، ایک ذمہ دار ریاست ہونے اور علاقائی امن و استحکام میں اس کے مثبت کردار کی عکاسی بھی کرتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ دن پاکستانی قوم کے اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کا بھی عملی مظہر ثابت ہوا خیبر سے کراچی تک شہر شہر قریہ قریہ لوگوں نے یوم تشکر منایا اور جمعہ کی نماز میں ملک و قوم کی ترقی خوشحالی و استحکام کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں اور دفاع وطن کے لئے ہر دم تیار پاکستان کی مسلح افواج کو بھرپور خراج تحسین بھی پیش کیا یہاں اس بات کا ذکر ضروری اور برمحل ہے کہ پاکستان کے ازلی دشمن اور پاکستان سمیت پورے خطے کے امن کے دشمن بھارت نے حال ہی میں ہمارے خلاف جو جنگی جارحیت کی اس کا اسے ایک ایسا جواب ملا ہے جو اسے ہمیشہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ یوم تشکر کے حوالے سے وزیراعظم ہاؤس میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو میں موثر اور بھرپور جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا ہے وزیراعظم نے کہا کہ آج، بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کے لئے ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب بھارت نے بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں معصوم اور بے گناہ پاکستانی شہری شہید ہوئے اور ہمیں ان بے گناہ شہریوں کی خاطر جوابی کارروائی کرنے پر مجبور کیا گیا وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے لیکن اپنے دفاع میں بھرپور جوابی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں موثر اور بھرپور جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا ہے۔ یوم تشکر کے موقع پر مرکزی تقریب وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان مونومنٹ پر منعقد ہوئی وزیراعظم شہباز شریف تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ تقریب میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی سمیت تینوں سروسز چیفس بھی شریک ہوئے تقریب میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق، وزیر دفاع خواجہ آصف سمیت دیگر وزراء شریک تھے۔ بلاشک یہ دن یعنی یوم تشکر کوئی عام دن نہیں بلکہ ہماری قومی تاریخ کا ایک سنہرا اور اہم باب ہے بھارت کی جانب سے کی جانے والی جارحیت کا پاکستان کی مسلح افواج نے جس جرات اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا، وہ قابل فخر ہے۔ پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا۔ اس کامیابی پر پوری قوم نے سکھ کا سانس لیا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ یوم تشکر کا منایا جانا اس قومی جذبے کا مظہر تھا جس میں ہر پاکستانی اپنی فوج کے ساتھ کھڑا نظر آیا۔ شہر شہر، قریہ قریہ، گلی گلی، لوگ سڑکوں پر نکل آئے، قومی پرچم لہرائے، ملی نغمے گائے اور اپنی بہادر فوج کو سلام پیش کیا۔ مساجد میں شکرانے کے نوافل ادا کئے گئے اور ملک کی سلامتی و استحکام کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ یوم تشکر کے موقع پر ملک بھر میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا اور سیاسی و عسکری قیادت ہی نہیں بلکہ پوری قوم نے اپنے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دفاع وطن کے لئے افواج پاکستان کے موثر اور مثالی کردار کو بھرپور انداز میں سراہا اور معرکہ حق میں پاکستان کی شاندار فتح پر اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور شکر ادا کیا یہ دن قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظہر ہے قوموں کی زندگی میں یادگار ایام ہوتے ہیں اور یہ دن ہماری قومی تاریخ کا ایک یادگار دن بن گیا ہے یوم تشکر کا یہ دن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ہمیں مستقبل میں بھی اسی اتحاد، ذمہ داری اور امن پسندی کے ساتھ آگے بڑھنا ہے۔ ہمیں اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانا ہوگا تاکہ کوئی بھی دشمن ہمارے ملک کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھ سکے۔ ہمیں عالمی سطح پر امن و استحکام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھنی ہوں گی یوم تشکر کا منایا جانا درحقیقت پاکستان کی امن دوستی، ذمہ داری اور مضبوط دفاع کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ دن ہمیں اپنی بہادر افواج کی قربانیوں کو یاد رکھنے اور قومی اتحاد کو برقرار رکھنے کی ترغیب دیتا ہے۔ یہ دن اس عزم کا اعادہ ہے کہ ہم ایک پرامن اور خوشحال پاکستان کے لئے مل کر کام کرتے رہیں گے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لئے ہمیشہ تیار رہیں گے۔ پاکستان کی اگر بات کریں تو پاکستان ہمیشہ سے خطے میں امن وامان کا خواہاں رہا ہے۔ ہماری خارجہ پالیسی کی بنیاد باہمی احترام، عدم مداخلت اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں پر استوار ہے۔ ہم نے ہمیشہ مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنے پر زور دیا ہے۔ عالمی سطح پر بھی پاکستان نے امن مشنوں میں فعال کردار ادا کیا ہے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول کا سپاہی رہا ہے۔ ہماری امن پسندی ہماری کمزوری نہیں، بلکہ یہ ہماری تہذیب و ثقافت کا حصہ ہے۔ ہم ایک پرامن اور خوشحال خطے کے خواہاں ہیں جہاں تمام ممالک برابری کی بنیاد پر ترقی کریں بھارت کی حالیہ جارحیت کے باوجود پاکستان نے انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔ ہم نے اشتعال انگیزی سے گریز کیا اور عالمی قوانین اور سفارتی آداب کا پاس رکھا۔ ہمارا ردعمل متوازن اور مبنی برحقائق تھا۔ یوم تشکر کو بھرپور انداز میں منایا گیا یوم تشکر کا یہ دن اس بات کا بھی واضح پیغام ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ہماری مسلح افواج کسی بھی خطرے سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ وہ جدید ترین ہتھیاروں اور تربیت سے لیس ہیں۔ ان کا جذبہ ایمانی اور حب الوطنی بے مثال ہے۔ انہوں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ اپنی سرحدوں اور اپنی قوم کی حفاظت کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ پوری قوم کو اپنی فوج پر فخر ہے اور وہ ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

چارٹر کی تعمیل کے بغیر بھارت اقوام متحدہ کا رکن کیسے؟

اقوام متحدہ کا قیام ہمیں جنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے عمل میں آیا تھا اور اس کے دستخط کنندگان نے 'اچھے ہمسائے کے طور پر امن کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ رہنے' کا عہد کیا ہے۔ پاکستان اور بھارت دونوں نے اقوام متحدہ کے چارٹر پر دستخط کیے ہیں۔ 22 اپریل 2025ء کو کشمیر کے علاقے پہلگام میں وادی بیسران کی سیاحت کے لیے آنے والے افراد کو قتل کردیا گیا۔ مرنے والوں میں 24 ہندو، ایک مسیح اور ایک مسلم شخص شامل تھا۔ اپنی جان کی پروا کیے بغیر سید عادل حسین شاہ نے حملہ آوروں کو روکنے کی کوشش کی جس کے نتیجے میں اس نے اپنی جان گنوا دی۔ وہ شاید قرآن کریم کی آیت سے متاثر تھا جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے، 'اگر تم نے ایک جان (نصف، صرف ایک مسلمان نہیں) کو بچایا تو گویا تم نے پوری انسانیت کو بچایا'۔ وہ اپنے عقیدے پر ثابت قدم رہتے ہوئے جان سے گیا۔ لیکن کیا اقوام متحدہ کے رکن، بھارت نے صدق دل کے ساتھ اپنے عہد کی پاسداری کی؟ 'اراکین اپنے بین الاقوامی تنازعات کو پُرامن طریقے سے اس انداز میں حل کریں گے کہ بین الاقوامی امن و سلامتی اور انصاف' خطرے میں نہ پڑے (اقوام متحدہ کے چارٹر کا آرٹیکل 2)۔ بھارت نے انا کو بین الاقوامی ذمہ داریوں اور عام فہم کی راہ میں رکاوٹ بننے دیا۔ اسے یہ جاننے میں کوئی دلچسپی نہیں تھی کہ حملے کے پیچھے کون تھا۔ پاکستان کا شمار دہشتگردی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں ہوتا ہے جہاں ہزاروں حملوں میں دسیوں ہزاروں افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔ میرے دوست اور ساتھی بھی دہشتگردی کا شکار ہوئے ہیں۔ بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) جس کی سرپرستی ہمارا ہمسایہ ملک کرتا ہے، اس نے چیف جسٹس محمد نور مسکانزئی کو مسجد میں نماز کے دوران قتل کرنے کا دعویٰ کیا۔ اس سے چند سال قبل بلوچستان ہائی کورٹ کے سینئر ترین ججز میں سے ایک، محمد نواز مری کو ہائی کورٹ سے گھر جاتے ہوئے راستے میں قتل کیا گیا۔ 8 اگست 2016ء، میں کوئٹہ کے مرکزی اسپتال پر حملے میں 70 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے جن میں سے اکثریت وکلا کی تھی اور تقریباً تمام وکلا سے میری واقفیت تھی۔ سپریم کورٹ نے معاملے کی انکوائری کے لیے ایک کمیشن بنایا اور مجھے یہ ذمہ داری سونپی۔ کوئٹہ انکوائری کمیشن کی رپورٹ کے مطابق یکم جنوری 2001ء، سے 17 اکتوبر 2016ء، تک پاکستان میں 17 ہزار 503 دہشتگردانہ حملے ہوئے۔ فی دن حملوں کی اوسط تین تھی۔ تفتیش کاروں کو بیرونی مداخلت کا شبہ تھا۔ تاہم شواہد کے بغیر ہمسایہ ممالک پر ذمہ داری عائد کرنے سے جنگی جنون پیدا ہوتا جبکہ یہ غیر پیشہ ورانہ اور غلط بھی ہوتا۔ اگرچہ پاکستان میں دہشتگردی کم ضرور ہوئی لیکن یہ کبھی بھی ختم نہیں ہوئی۔ اسی رپورٹ میں 'تجاویز' کا ایک حصہ بھی شامل تھا جس کے شروعاتی الفاظ یہ تھے، 'پاکستان میں دہشتگردی (جو کہ مسلسل جاری ہے) کی زد میں آنے والے عوام جواب کے مستحق ہیں۔ جن لوگوں نے پاکستان کے عوام کو مایوس کیا، ان کا احتساب ہونا چاہیے۔ معاملات ایسے ہی نہیں چل سکتے۔ جب تک اعلیٰ حکام کو محتسب نہیں ٹھہرایا جائے گا تب تک نظام میں حقیقی تبدیلی لا ناممکن نہیں'۔ بیرونی قوتوں کو مورد الزام ٹھہرانے کے بجائے اپنا محاسبہ کرنا پہلا قدم ہونا چاہیے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا بھارت میں کوئی بھی ادارہ اتنا دلیر ہے کہ وہ اس نوعیت کا مطالبہ کرسکے؟

قانون کی پاسداری کرنے والے کسی بھی ملک کی عدالتوں کی طرح ہماری عدالتوں میں بھی ملزم جب تک بیگناہ کہلاتا ہے کہ جب تک اس پر لگائے گئے الزامات ثابت نہ ہوجائیں۔ پہلے جرم کی تحقیقات ہوتی ہے، ثبوت جمع کیے جاتے ہیں اور پھر استغاثہ ایک غیر جانبدار ثالث یعنی جج کے سامنے مقدمہ رکھتی ہے۔ تفتیش کاروں، پراسیکیوٹرز اور ججز غور سے شواہد اور جرم کے محرکات کا جائزہ لیتے ہیں۔ کسی کو بھی قصوروار صرف تصور ہی نہیں کرلیا جاتا نہ ہی ججز اپنی ذاتی رائے کو فیصلے پر اثرانداز ہونے دیتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کا آرٹیکل 33 کا تقاضا ہے کہ 'کسی بھی تنازع جس کے جاری رہنے سے بین الاقوامی امن وسلامتی کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے، اس کے فریقین سب سے پہلے آپس میں بات چیت، انکوائری، ثالثی، مفاہمت، عدالتی تصفیہ، علاقائی ایجنسیز یا اپنی مرضی کے دیگر امن ذرائع سے حل تلاش کریں گے'۔ بھارت نے یہ نہیں کیا۔ اگر پاکستان تعاون نہ کرتا تو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 35 کے تحت 'کسی بھی تنازع یا کسی بھی صورت حال کو سلامتی کونسل یا جنرل اسمبلی کی توجہ دلانے' کے لیے کہا جا سکتا تھا۔ چارٹر کے آرٹیکلز 39 سے 46 سلامتی کونسل کو اختیار دیتے ہیں کہ وہ اصول کی پابندی نہ کرنے والے اراکین کے خلاف کارروائی کرے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 2 کی شق 4 'دھمکی یا طاقت کے استعمال' سے منع کرتی ہے۔ اس کے بجائے بھارت نے پہلگام حملے کے فوراً بعد ہی پاکستان کو قصوروار ٹھہرادیا اور اسے سزا دینے کا فیصلہ کیا۔ اقوام متحدہ کا چارٹر یہ بھی کہتا ہے کہ 'باہمی معاہدوں کی شرائط' کی تعمیل ضروری ہے۔ پاکستان اور بھارت نے 1960ء میں سندھ طاس معاہدہ کیا تھا جس کا مقصد دریاؤں کے پانی کے نظام کا مکمل اور تسلی بخش استعمال' ہے۔ اس وقت کے بھارتی وزیراعظم جواہر لال نہرو نے بھارت کی جانب سے معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ کسی ایک فریق کی جانب سے معطل یا منسوخ نہیں ہوسکتا۔

یہ معاہدہ تقریباً 65 سال سے برقرار ہے کہ جب تک وزیراعظم نریندر مودی نے اسے 'معطل' کرنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ انہوں نے دریاؤں کے پانی کا رخ موڑنے کی بھی دھمکی دی۔ بھارت نے اپنے حملوں میں نیلم۔جہلم واٹر سسٹم کو بھی نشانہ بنایا۔ اگر یہ حرکتیں ماحولیات کو شدید نقصان پہنچاتی ہیں تو انہیں 'ایکو سائڈ' یعنی قدرت کے خلاف جرم کے طور پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کی رکنیت ہر اس ملک کے لیے ہے جو امن پسند ہے اور موجودہ چارٹر کی پابندی کرنے کے لیے راضی ہے' (آرٹیکل 4)۔ ان اصولوں کی پیروی کرنا نہ کرنا آپشن نہیں ہے۔ اگر کوئی ملک اقوام متحدہ کی شرائط پر عمل نہیں کرتا تو یہ ناقابل فہم ہے کہ وہ ملک اقوام متحدہ کا رکن ہی آخر کیوں برقرار رہتا ہے۔ نہ بین الاقوامی قانون نہ اخلاقیات یہ اجازت دیتی ہیں کہ ذمہ داریوں اور وعدوں کی پاسداری کیے بغیر کوئی ملک اقوام متحدہ کے رکن کی حیثیت سے فائدے نہ اٹھائے۔ گجرات کے وزیراعلیٰ کے طور پر نریندر مودی نے رائے عامہ کو تبدیل کرنے اور انتخابات جیتنے کا بہترین طریقہ سیکھا جو کہ دہشتگردی اور نفرت کا پرچار ہے۔ ان کی مقبولیت نفرت پر منحصر ہے جسے انہوں نے آئندہ بھارتی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں دوبارہ استعمال کرنے کی کوشش کی۔ ان کے نزدیک کشمیر میں بہایا گیا 26 جانوں کا خون ایک مقصد کے حصول کے لیے تھا۔

جنگ بندی یا قومی بیداری کا لمحہ؟

جنگ ہمیشہ زخم چھوڑتی ہے، چاہے وہ بارود کے میدان میں ہو یا خیالات کے افق پر۔ حالیہ جنگی کشیدگی میں پاکستان کو کھلی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا، اور الحمدللہ، پاکستان نے نہ صرف دفاع کیا بلکہ مؤثر اور بھرپور جواب دے کر دشمن کو واضح پیغام دیا کہ یہ قوم اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ دشمن کی مہم جوئی کو ناکامی سے دوچار کرنے کے بعد جو جنگ بندی عمل میں آئی ہے، وہ بظاہر ایک خاموش وقفہ ہے، لیکن حقیقت میں یہ ایک موقع ہے، موقع سوچنے کا، سمجھنے کا، اور قومی سمت درست کرنے کا۔ یہ لمحہ ایک قومی ری سیٹ بٹن کی مانند ہے، جو ہمیں دعوت دے رہا ہے کہ ہم خود سے یہ سوال کریں: کیا ہم اب بھی دوسروں کے اقدامات کے جواب میں چلیں گے، یا خود پہل کر کے اپنی قومی سمت کا تعین کریں گے؟

یہ وقت صرف فائر بندی کا نہیں، بلکہ سوچوں کی تنظیم، رویوں کی درستگی، اور پالیسیوں کی تجدید کا ہے۔ پاکستان 1947 سے اب تک مسلسل چیلنجز کی زد میں رہا ہے، کبھی بیرونی دشمنوں کی سازشیں، کبھی اندرونی انتشار، کبھی سیاسی عدم استحکام، انتہا پسندی، دہشت گردی، لسانی تعصبات، اور کبھی معاشی بحران۔ ان تمام آزمائشوں نے ہمیں سبق سکھایا ہے، لیکن اب وقت آچکا ہے کہ وہ سبق محض کتابوں میں نہ رہیں، بلکہ پالیسی، رویے اور ادارہ جاتی عمل کا حصہ بنیں۔ اصل معرکہ اب توپ و تفنگ کا نہیں، بیانیے، معیشت، قومی وحدت، اور ادارہ جاتی استحکام کا ہے۔ یہی وہ ستون ہیں جن پر پاکستان کی بقا، ترقی، اور خودمختاری کھڑی ہے۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ پاکستان کی کمزوری صرف دشمن کے بارود سے نہیں، بلکہ اندرونی کرداروں کی خودغرضی، کمزوری اور بداعتمادی سے جنم لیتی ہے۔ ان عناصر سے زیادہ خطرناک کوئی اور نہیں جو بظاہر سیاسی یا فکری لبادے میں ریاست کے نظریے کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں۔

ایسے افراد کے لیے زیرو برداشت کی پالیسی ناگزیر ہوچکی ہے، مگر یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر اختلاف رائے غداری نہیں ہوتا۔ وہ آوازیں جو آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر اپنی محرومیوں اور مسائل کی نشاندہی کرتی ہیں، انہیں اپنائیت، توجہ اور انصاف دینا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ یہی وہ باریک فرق ہے جس سے ریاست کی سنجیدگی اور بالغ نظری ظاہر ہوتی ہے۔

ریاست کو چاہیے کہ وہ داخلی سطح پر فوری طور پر سیاسی استحکام، عدالتی اصلاحات، اور معاشی خود انحصاری کی طرف قدم بڑھائے۔ تعلیم، میڈیا، اور بیانیہ سازی کے میدان میں فوری اصلاحات ناگزیر ہیں تاکہ نوجوان نسل کو فکری یلغار سے بچایا جا سکے۔ بیرونی محاذ پر پاکستان کو اپنی سفارتی پوزیشن مضبوط کرنی ہوگی، عالمی رائے عامہ کو اپنے حق میں ہموار کرنے کے لیے منظم مہم کی ضرورت ہے، اور دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانا ہوگا۔ ہمیں صرف دفاعی طاقت پر نہیں، بلکہ فکری اور معاشی طاقت پر بھی انحصار بڑھانا ہوگا۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ دشمن اب صرف سرحد پر نہیں، بلکہ ہر اس پوسٹ، اس ویڈیو، اس نعرے، اور اس تاثر میں بھی چھپا ہے جو ہمیں تقسیم کرتا ہے، اداروں کو مشکوک بناتا ہے، اور نوجوانوں کو مایوسی کی طرف دھکیلتا ہے۔

آئیں! اس جنگ بندی کو سانس لینے کا وقفہ نہیں، قومی بیداری کا لمحہ بنائیں۔ ایک نیا عہد کریں — ایسا عہد جس میں پاکستان صرف جغرافیائی طور پر نہیں، بلکہ نظریاتی، اخلاقی، اور تہذیبی طور پر بھی ناقابل شکست ہو۔ وقت ہے کہ ہم جذباتی ردعمل سے نکل کر بالغ، متوازن، اور قومی مفاد پر مبنی ریاستی رویہ اپنائیں۔ یا تو ہم تاریخ کے اس موڑ پر ایک نیا باب رقم کریں گے یا ہمیشہ کی طرح وقت کے دھارے میں بہتے رہیں گے۔

بھارتی جارحیت کے بعد قومی سیاسی مکالمے کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی طرف سے امن کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کو کسی نئی جنگ کے خلاف متنبہ کیا ہے۔ دوسری طرف پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کی طرف سے بھی مسلح افواج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے اعلانات سامنے آئے ہیں۔ ایکس پر ایک پیغام نے عمران خان نے کہا ہے کہ 'میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ ملک بھی میرا، فوج بھی میری ہے'۔ اپنے پیغام میں عمران خان نے مودی کی پاکستان سے نفرت اور بزدلانہ حملہ کا ذکر کرتے ہوئے افواج پاکستان اور عوام کو خراج تحسین پیش کیا۔ تحریک انصاف کے بانی نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے بزدلانہ حملہ کا بہادری سے جواب دینے پر افواج پاکستان اور عوام کی توصیف کی۔ ان کا کہنا تھا کہ 'میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ ملک بھی میرا، فوج بھی میری ہے'۔ پاکستانی افواج نے زمینی اور فضائی مقابلے میں جیسے مودی کو شکست دی ہے، بالکل اسی طرح سوشل میڈیا پر مودی کی انتہا پسندی اور آر ایس ایس کے بیانیے کو پوری دنیا کے سامنے کھول کر رکھ دیا۔ شہریوں، بچوں، عورتوں اور معمر افراد کو نشانہ بنا کر نریندر مودی نے انتہائی بزدلی کا مظاہرہ کیا۔ ہم پوری طرح ان حملوں میں جام شہادت نوش کرنے والے فوجیوں اور شہریوں کے اہل خاندان کے ساتھ ہیں۔ پاکستانی فضائیہ اور فوج نے انتہائی پروفیشنل طریقے سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مودی کی طرح ہم نے شہریوں پر حملے نہیں کیے بلکہ ہماری افواج نے بھارتی طیاروں اور عسکری تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ اس پیغام میں عمران خان نے واضح کیا کہ نریندر مودی پاکستان سے شدید نفرت کرتا ہے۔ اس سے پہلے کوٹ لکھپت جیل میں قید تحریک انصاف کے نائب چیئرمین شاہ محمود قریشی نے 'ایکس' پر اپنے پیغام میں بھارت کے ساتھ سیز فائر کے ساتھ ملک کے اندر بھی جنگ بندی کی ضرورت پر زور دیا۔ تاہم اس بیان میں شاہ محمود قریشی نے پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت سیز فائر پر راضی ہو گئے ہیں۔ اور مل کر باہمی معاملات طے کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ میری درخواست ہے کہ ملک کے اندر بھی 'جنگ بندی' کا اعلان کیا جائے اور قومی مکالمہ شروع ہو جو قومی بقا اور داخلی امور طے کرنے کے لیے ضروری ہے۔

پاکستان نے گزشتہ چند روز کسی جواز اور ثبوت کے بغیر بھارتی جارحیت کا سامنا کیا ہے۔ پاکستان کے خلاف اقدامات ناجائز اور غیر قانونی تھے۔ لیکن پاکستان نے تدبر، تحمل اور اخلاقی جرات سے اس جارحیت کا مقابلہ کیا۔ اس دوران 9 مئی کو پاک فوج، ائرفورس اور بحریہ کے ترجمانوں کی پریس کانفرنس پوری قوم کے لیے فخر کا مرحلہ تھا۔ پاکستانی افواج نے پیشہ ورانہ مہارت، قومی وقار اور واضح مقصد سے ساری صورت حال پیش کر کے پاکستان کا یہ موقف پوری وضاحت سے دنیا کے سامنے رکھا کہ ہم امن پسند قوم ہیں لیکن اپنی خودمختاری کی حفاظت کرنا جانتے ہیں۔ پاکستانی فورسز نے جوابی کارروائی میں بھارت کے عسکری اثاثوں کو نشانہ بنایا اور شہری آبادیوں پر حملوں سے گریز کیا۔ اس نازک مرحلے میں تحریک انصاف کے حامی اور پاکستان کے شہری آہنی دیوار کی طرح ملک کا دفاع کرنے والی افواج کے ساتھ کھڑے رہے تھے۔

دیکھا جاسکتا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی اعلیٰ قیادت پاک بھارت جنگ ختم ہونے کے بعد قومی مکالمہ اور سیاسی مفاہمت کی بات کر رہی ہے۔ متعدد تجزیہ نگار بھی یہ تجویز پیش کر رہے ہیں کہ پاکستانی قوم اور افواج نے نہایت بہادری اور شجاعت سے دشمن کے حملوں کا مقابلہ کیا ہے۔ اب جنگ بندی ہو چکی ہے، اس لیے قومی سطح پر مفاہمت کا کام نظر انداز نہیں ہونا چاہیے۔ بلکہ قومی یکجہتی کے اس مرحلہ سے فائدہ اٹھا کر سیاسی اختلافات سے قطع نظر بنیادی قومی معاملات پر بات چیت کی جائے اور پاکستان تحریک انصاف کو بھی اس مکالمہ میں شامل کیا جائے۔ اس طرح پی ٹی آئی بھی تبدیل شدہ حالات اور ہمسایہ دشمن کی جارحیت سے پیدا ہونے والے خطرہ کی صورت کا ادراک کرے تاکہ باقی قومی قیادت کے ساتھ مل کر مفاہمت کا ماحول پیدا کیا جا سکے۔ اس طرح ایک طرف بھارتی جارحیت کے خلاف قوم کو متحدہ و متفق ہو سکے گی، دوسرے سیاسی اتفاق رائے سے دہشت گردی اور بلوچستان میں علیحدگی پسندی جیسے سنگین معاملات پر مل جل کر کام ہو سکے گا۔ تاہم پاکستانی منظر نامہ میں دیکھا جاسکتا ہے کہ بھارت کے ساتھ جنگ بندی کے بعد حکومت اور اس کے حامی فی الوقت 'فتح کا جشن' منانے اور مسلح افواج کے ساتھ روابط بڑھانے میں مصروف ہیں۔ اس ماحول میں ملکی سیاسی حالات پر بات کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جا رہی۔ حکومتی رویہ سے تو یوں لگتا ہے جیسے بھارت کے ساتھ مختصر جنگ اور اس کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال میں شاید وزیراعظم اور ان کے ساتھی خود کو سیاسی لحاظ سے طاقتور اور محفوظ محسوس کرنے لگے ہیں۔ اسی لیے سیاسی مخالفین سے مکالمہ کا موضوع شاید شہباز شریف کے ایجنڈے میں شامل نہیں ہے۔ ابھی وہ پاک فوج کے ساتھ اپنے پہلے سے خوشگوار تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور بھارت کے ساتھ ممکنہ تصادم کی صورت حال میں نیا سیاسی و عسکری بیانیہ مرتب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پسرور چھاؤنی کے دورے کے دوران افسروں اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے اسی رویہ کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے بھارت سے 1971 کا بدلہ لے لیا ہے۔ تاریخ ہمیشہ اس بات کو یاد رکھے گی کہ کس طرح چند گھنٹوں میں پاکستان کے محافظوں نے بے مثال درستی اور عزم کے ساتھ بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ افواج پاکستان کو دشمن کے خلاف عظیم کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں۔ پاکستان امن کا داعی ہے، امن چاہتا ہے مگر ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، اگر بھارت نے دوبارہ جارحیت کی تو اس کا خوفناک جواب دیا جائے گا۔

پاکستان پر بھارت کے بلا اشتعال حملہ کے بعد قومی یکجہتی کا ایک نیا چہرہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ عوام کی اکثریت نے سیاسی وابستگی سے قطع نظر قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور بھارت کے خلاف برسرپیکار مسلح افواج کا پوری طرح ساتھ دیا۔ یہ مظاہرہ ملک بھر کے گلی کوچوں میں بھی دیکھا گیا اور سوشل میڈیا پر بھی مسلح افواج کے ساتھ جوش و خروش سے شانہ بشانہ مل کر چلنے کا عزم دہرایا گیا۔ یہ درست ہے کہ عمران خان اور شاہ محمود قریشی اس وقت مسلح افواج کی گراں قدر خدمات کی توصیف کر رہے ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ تصادم کے چار دنوں کے دوران تحریک انصاف، سیاسی قوت کے طور پر پوری طرح پاکستانی قوم کے جذبات کا ساتھ دینے میں ناکام رہی۔ ملک کے اندر اور باہر تحریک انصاف کے ایسے ہوشمند لیڈر موجود تھے جنہوں نے بھارتی جارحیت کی صورت حال میں قومی یکجہتی کو اہم کہا اور کسی سیاسی اختلاف کی نشاندہی سے گریز کیا لیکن یہ بات تحریک انصاف کی تمام قیادت اور خاص طور سے پاکستان میں پارٹی کے معاملات کی ذمہ دار قیادت کے بارے میں نہیں کہی جا سکتی۔ امریکہ میں مقیم پی ٹی آئی کے متعدد حامی لیڈر اور یوٹیوبر پاکستان دشمن بیانیہ ترتیب دینے میں مصروف رہے اور بھارتی ٹی وی چینلوں کے پروگراموں میں شامل ہو کر عمران خان کو ہی ایسا لیڈر ثابت کرنے پر مصر رہے جو کسی مشکل میں قوم کی قیادت کر سکتا ہے۔ پہلگام سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے کسی ثبوت کے بغیر قومی سطح پر اس حملہ کی ذمہ داری براہ راست پاکستان پر عائد کی گئی تھی۔

مودی کیلئے الٹی گنتی شروع

تاریخ میں پہلی بار کسی ایٹمی ملک کے اندر حملہ کرنے کی واردات کرنے والا مودی بھارت کے ساتھ اپنے دوست ممالک کے لیے بھی بوجھ بن چکا ہے۔ [illegible]

فضائی ڈھال ٹوٹ گئی، جس کی قیمت تقریباً 1.5 ارب ڈالر ہے۔ پاکستانی سائبر ماہرین نے بھارت کی درجنوں اہم ویب سائٹس کو ہیک کرلیا۔ [illegible]

'لاتعلقی کے بعد ثالثی': ٹرمپ انڈیا اور پاکستان سے کیا چاہتے ہیں؟

سیاسی، سفارتی اور عسکری اعتبار سے جنوبی ایشیا کے دو اہم ممالک انڈیا اور پاکستان کے لیے گذشتہ تین ہفتے بہت ہنگامہ خیز رہے ہیں۔ 22 اپریل کو انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کے علاقے پہلگام میں مسلح افراد کے حملے میں 26 سیاحوں کی ہلاکت، انڈیا کی جانب سے پاکستان اور اس کے زیر انتظام کشمیر میں فضائی حملے اور اس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان چار روز تک جاری رہنے والی فضائی جھڑپوں اور گولہ باری نے خطے کو ایک خطرناک تنازع کے دہانے لا کھڑا کیا تھا۔ 10 مئی کی صبح تک دونوں ملک ایک دوسرے کی عسکری ایئربیسز پر میزائل حملوں کے دعوے کر چکے تھے اور یہ تناؤ تیزی سے بڑھ رہا تھا۔ دونوں ملک ایک دوسرے کو بھاری نقصان پہنچانے اور حریف کے حملے ناکام بنانے کے دعوے بھی کر رہے تھے۔ پھر اچانک 10 مئی کی دوپہر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے دونوں ممالک کے سیز فائر کا اعلان کیا۔ انھوں نے سوشل میڈیا پر اعلان کیا کہ امریکی ثالثی میں انڈیا اور پاکستان چار دن کی شدید سرحدی جھڑپوں کے بعد 'مکمل اور فوری جنگ بندی' پر رضامند ہو گئے ہیں۔ بعدازاں ایک اور پیغام میں انھوں نے کہا کہ 'میں آپ دونوں کے ساتھ مل کر کام کروں گا تاکہ کشمیر کے معاملے کا کوئی حل نکالا جا سکے'۔ محض 15 روز قبل ہی انڈیا اور پاکستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی کو ٹرمپ نے 'ان کا آپس کا معاملہ' قرار دیا تھا۔ 25 اپریل کو پہلگام حملے کے بعد جب پاکستان اور انڈیا کے درمیان تناؤ کی صورت اختیار کی تھی تو اس وقت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انڈیا اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کہا کہ دونوں ممالک 'تناؤ کو خود حل کر لیں گے'۔ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس نے پہلے آٹھ مئی کو فاکس نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ 'ہمیں امید ہے کہ انڈیا اس دہشت گرد حملے کا جواب اس طرح دے گا جس سے وسیع تر علاقائی تنازع نہ پیدا ہو'۔ جبکہ دونوں ممالک کے درمیان

کشیدگی کے دوران نو مئی کو دیے انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ امریکہ انڈیا اور پاکستان کے جاری تنازع میں مداخلت نہیں کرے گا کیونکہ 'بنیادی طور پر ہمارا اس سے کچھ لینا دینا نہیں۔ ہم انڈیا اور پاکستان کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ اپنے ہتھیار ڈال دیں'۔ مگر پھر دس مئی کی دوپہر کو یکایک سب کچھ بدل گیا، پہلے امریکی صدر ٹرمپ نے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی اور سیز فائر کروانے کا کریڈٹ لیا تو بعد میں انھوں نے پاکستان اور انڈیا سے تجارت کرنے کی بات کی۔ اپنے بیان میں انھوں نے مسئلہ کشمیر کے حل کا بھی ذکر کر ڈالا۔ انڈیا میں سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے امریکی صدر کے بیان کو انڈیا کے داخلی معاملات میں مداخلت قرار دیا گیا۔ مگر امریکی صدر ٹرمپ سعودی عرب میں ہوں، قطر کے دورے پر یا متحدہ عرب امارات میں، انھوں نے متعدد بار پاکستان اور انڈیا کے درمیان جنگ بندی کروانے کا کریڈٹ لیا۔ پہلے 12 مئی کو وائٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ 'سنیچر کو میری حکومت نے انڈیا اور پاکستان کے درمیان فوری اور مکمل سیز فائر کے لیے ثالثی کی۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایک مستقل سیز فائر ہے۔ اس سے دو ایٹمی طاقتوں کے بیچ ایک خطرناک لڑائی کا خاتمہ ہوا۔' ٹرمپ نے کہا کہ انھوں نے تجارت اور ٹیرف کے ذریعے اس تنازع میں کلیدی کردار ادا کیا۔ اور پھر 14 مئی کو سعودی عرب کے دورے پر بھی انھوں نے ایک بار پھر انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کروانے پر بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ 'پاکستان اور انڈیا کے تعلقات میں بہتری آرہی ہے۔ ممکن ہے امریکہ ان ممالک کے لیڈروں کو ایک جگہ جمع کر لے'۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ 'دونوں ملکوں کی قیادت سے کہا کہ آئیں ڈیل کریں، کچھ تجارت کی جائے۔ نیوکلیئر میزائل نہ چلائیں، ان چیزوں کی تجارت کریں جو آپ بہت عمدہ بناتے ہیں۔' امریکی صدر دو روایتی حریفوں کو ایک ممکنہ ایٹمی تنازعے سے تجارت کے معاملات پر بات کرنے تک لانے سے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ واشنگٹن میں مقیم تجزیہ کار مائیکل کوگلمین اس بارے میں بی بی سی اردو سے بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ٹرمپ کی جانب سے انڈیا اور پاکستان کے معاملات پر دیا جانے والا ہر بیان اہم ہے کیونکہ وہ امریکی صدر ہیں۔ تاہم کوگلمین یہ بھی کہتے ہیں کہ صدر ٹرمپ کے تبصروں کے بیانات کو بڑھا چڑھا کر دیکھنا بھی درست نہیں ہوگا کیونکہ یہ بظاہر باقاعدہ پالیسی کا حصہ نہیں لگتے۔ 'پاکستان اور انڈیا کے درمیان تعلقات کی بہتری امریکہ کا کوئی نیا مقصد نہیں ہے۔ واشنگٹن ہمیشہ سے اصولی طور پر نئی دہلی اور اسلام آباد کے درمیان بہتر تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔' مائیکل کوگلمین کے مطابق فریقین اس وقت تک بات چیت تک اتفاق نہیں کریں گے جب تک توجہ دوسرے فریق کے زیر انتظام کشمیر پر مرکوز ہو اور اسی سبب بات چیت شروع کرنا ایک مسئلہ ہوگا۔ وہ کہتے ہیں کہ 'یہاں شاید دیگر معاملات پر بات چیت کی گنجائش ہو لیکن موجودہ سفارتی ماحول کو دیکھ کر ایسا نہیں لگتا کہ ایسا ممکن ہے۔' ولسن سینٹر سے منسلک ریسرچ تجزیہ کار رزیا فضلی نے بی بی سی اردو کو بتایا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو اپنی 'ڈیل میکنگ (بات چیت کے ذریعے معاملات حل کرنے کی) صلاحیتوں پر بہت ناز ہے اور وہ خارجہ پالیسی اور تنازعات کے حل کے لیے اپنی اسی سوچ کو آگے رکھتے ہیں۔' پاکستان اور انڈیا کے ساتھ تجارت سے متعلق سعودی عرب میں ٹرمپ کی جانب سے کیے گئے تبصرے پر رزیا فضلی کا کہنا تھا کہ 'ایسے تبصرے انڈیا اور پاکستان کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش ضرور ہیں لیکن یہ دیکھنا ہوگا کہ موجودہ معاشی ماحول میں امریکہ، اور پاکستان اور امریکہ اور انڈیا کے درمیان تجارت کتنی بڑھتی ہے اور کن مصنوعات پر بات چیت ہوتی ہے۔' ولسن سینٹر کی ریسرچ اینالسٹ کے مطابق افغانستان سے فوج کے انخلا کے بعد پاکستان اور امریکہ کے تعلقات اتار چڑھاؤ کا شکار رہے ہیں۔ 'انڈیا اور پاکستان کے درمیان جاری بحران میں ثالثی سے متعلق تبصروں کو دیکھ کر لگ رہا ہے کہ امریکہ پاکستان میں اب بھی دلچسپی رکھتا ہے کیونکہ ثالثی کی پیشکش سے خطے میں یہی تاثر بن رہا ہے کہ ثالثی کی پیشکش انڈیا سے زیادہ پاکستان کے کشمیر سے متعلق تاریخی موقف کے قریب ہے۔' بروکنگز انسٹی ٹیوٹ کی مدیحہ افضل نے اس بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 'میرے خیال میں صدر ٹرمپ کے بیانات انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کا کریڈٹ لینے اور عمومی طور پر امن معاہدہ کرنے کی خواہش کی عکاسی کرتے ہیں۔' وہ کہتی ہیں کہ صدر ٹرمپ نے اپنے پہلے دور صدارت میں بھی کشمیر تنازع کو حل کرنے کی بات کی تھی جس کی انڈیا نے حمایت نہیں کی تھی۔

جنگ بندی اور نریندر مودی کی تقریر

پاک بھارت جنگ بندی ہو چکی ہے اور جنگ بندی معاہدہ کے لیے معاملات آگے بڑھ رہے ہیں لیکن ابہام کے بادل ابھی چھٹے نہیں ہیں۔ افواہوں اور الزامات کی توپوں کے دہانے بھی تاحال بند نہیں ہوئے اور جیسے دو روز پہلے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا اپنی قوم سے خطاب جس میں انہوں نے پہلگام واقعہ کو ظلم قرار دیا اور پاکستان پر بے بنیاد الزامات کو دہرایا۔ بھارتی وزیراعظم نے کہا: نیو نارمل یہ ہے کہ بھارت خود پر حملے کا فوری جواب دے گا' پانی اور خون ساتھ نہیں بہہ سکتے' تجارت' مذاکرات اور دہشت گردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر پاکستان سے مذاکرات ہوئے تو دہشت گردی کے خاتمے پر ہوں گے اور کشمیر پر بات ہوگی تو وہ آزاد جموں وکشمیر پر ہوگی' ایٹمی حملے کی دھمکی کی بلیک میلنگ میں نہیں آئیں گے۔ نریندر مودی نے یہ بیانیہ دہرایا کہ جنگ بندی پاکستان کی درخواست پر عمل میں آئی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کارروائی وقتی طور پر روکی گئی ہے ختم نہیں کی گئی۔

آیئے مودی کی تقریر کا تجزیہ کرتے ہیں۔ اس حقیقت کو پاکستان بھی تسلیم کرتا ہے کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن ایک ظلم تھا۔ نریندر مودی کو محض اپنی گرتی ہوئی سیاسی ساکھ کو سہارا دینے کے لیے 26 بے گناہ اور نہتے سیاحوں کے خون سے اپنے ہاتھ نہیں رنگنے چاہئیں تھے اور پھر اس واقعہ کو بنیاد بنا کر پاکستان کو ملعون کرکے اس پر چڑھائی نہیں کرنا چاہیے تھی۔ سندھ طاس معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی دھمکی بھی نہیں دینی چاہیے تھی۔ جہاں تک نریندر مودی کی اس بات کا تعلق ہے کہ تجارت' مذاکرات اور دہشت گردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے تو پاکستان بھی اسی بات کا قائل ہے اس لیے بھارت کو فوری طور پر افغان طالبان' کالعدم ٹی ٹی پی اور بلوچ لبریشن آرمی کی فنڈنگ ترک کر دینی چاہیے اور ایک اچھے ہمسائے کی طرح تمام پڑوسی ممالک سے دوطرفہ اچھے تعلقات قائم کرنے چاہئیں۔ اس



بات کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں کہ بھارت مذکورہ بالا تمام تنظیموں کو فنڈز فراہم کرتا رہا ہے اور کئی ممالک میں ماورائے قانون ٹارگٹ کلنگ کا بھی مرتکب رہا ہے جن میں پاکستان کے علاوہ کینیڈا اور امریکہ بھی شامل ہیں۔ جہاں تک نریندر مودی کے بیان کردہ نیو نارمل کا تعلق ہے تو اصلی اور حقیقی نیو نارمل اس سے مختلف ہے اور وہ یہ ہے کہ پاکستان بھارت کی جانب سے کسی بھی مس ایڈونچر' کسی بھی فالس فلیگ آپریشن اور دہشت گردی کی کسی بھی کارروائی کا اسی طرح منہ توڑ جواب دے گا جیسے 10 مئی کو دیا۔ مودی کی یہ بات درست ہے کہ پانی اور خون ساتھ نہیں بہہ سکتے' لیکن اگر پاکستان کے دریاؤں میں پانی نہیں بہنے دیا جائے گا تو لامحالہ ان میں خون ہی بہے گا جو پاکستان کا نہیں بلکہ بھارت کا ہو گا۔ مودی کی یہ بات بھی درست ہے کہ تجارت' مذاکرات اور دہشت گردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے اس لیے مودی اگر پاکستان کے ساتھ اور دیگر پڑوسی ملکوں کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں تو انہیں سب سے پہلے دہشت گردی ترک کرنا پڑے گی' دہشت گردوں کو ہر طرح کی فنڈنگ ختم کرنا پڑے گی۔ کیسی عجیب بات ہے کہ مودی کی جانب سے تمام مذکورہ ہٹ دھرمیوں کے باوجود امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے بھارت اور پاکستان کو اپنے تنازعات کے حل کے لیے اکٹھے ڈنر کی ٹیبل پر بیٹھنے کا مشورہ دیا گیا ہے اور اس مشورے کے چند گھنٹے بعد واشنگٹن میں امریکی محکمہ خارجہ کے پرنسپل ڈپٹی ترجمان ٹومی پگوٹ نے کہا ہے کہ واشنگٹن اب دونوں ایٹمی طاقتوں کے درمیان براہ راست رابطے کی حوصلہ افزائی پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ امریکہ اس سلسلے میں کوئی تجربہ کرنا چاہتا ہے تو ضرور کرے لیکن حقیقت یہی ہے کہ جب سے دونوں ملکوں کے مابین شملہ معاہدہ ہوا ہے دونوں ملکوں کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکا ہے۔ 1971ء کے سانحے کے بعد دو جولائی 1972ء کو طے پانے والے شملہ معاہدے میں جہاں جموں وکشمیر میں جنگ بندی کی لائن کو 'کنٹرول لائن' کے طور پر دوبارہ بیان کیا گیا جسے یکطرفہ طور پر تبدیل نہ کرنے کا دونوں فریقوں نے عہد کیا' اور بھارت نے پاکستانی جنگی قیدیوں کو رہا کرنے پر اتفاق کیا۔ وہاں دونوں ممالک نے تنازعات کو دوطرفہ مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر بھی اتفاق کیا تھا' اور طے پایا تھا کہ اس عمل میں کسی تیسری پارٹی کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ جہاں اختلافات اتنے شدید ہوں کہ نوبت ایک دوسرے پر حملوں تک پہنچ جاتی ہو اور جہاں دلوں کے میل اس قدر زیادہ اور کدورتیں اس قدر گہری ہوں کہ جنگ بندی کے باوجود نریندر مودی علی الاعلان یہ کہیں کہ آپریشن سندور کے تحت کارروائی وقتی طور پر روکی گئی ہے اور ختم نہیں کی گئی' وہاں ایسے امکانات کی کرن کیسے روشن ہو سکتی ہے جن میں ایک خطے کے بھی ممالک امن کے ساتھ رہ سکیں؟ حالات یہ ہیں کہ بھارت کی ہندو انتہا پسند جماعت بی جے پی کے سینئر رہنما اور ریاست مدھیہ پردیش کے وزیر وجے شاہ نے بھارتی فوج کی جانب سے پاکستان کے خلاف شروع کیے گئے آپریشن سندور کی تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کرنے والی مسلم فوجی کرنل صوفیہ قریشی کو ہی دہشت گردوں کی صف میں لا کھڑا کیا ہے' اور امریکی انتظامیہ مشورہ دے رہی ہے دونوں ایٹمی طاقتوں کے مابین براہ راست رابطے کا۔ جناب ایسا ممکن نہیں ہے۔ مسئلہ کشمیر حل کرنا یا کرانا ہے تو دنیا کی بڑی طاقتوں کو ثالث بننا پڑے گا' بصورت دیگر اقوام متحدہ کی کشمیر سے متعلق قراردادوں کو ری ایکٹیویٹ (Reactivate) کرنا پڑے گا۔

برصغیر کے آسمان سے جنگ کے بادل ابھی چھٹے نہیں ہیں اور بھارتی قیادت کی انتہاپسندانہ سوچ کے ہوتے ہوئے چھٹیں گے بھی نہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ اگر واقعی پاکستان اور بھارت کو امن اور سکون کے ساتھ رہتے دیکھنا چاہتے ہیں تو انہیں جنگ بندی کا جلد از جلد معاہدہ کرانا ہوگا اور اس معاہدے پر اس کی روح کے مطابق عملدرآمد یقینی بھی بنانا ہوگا۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ بھارت ایک بڑا اور وسیع ملک ہے اور اس کی مارکیٹ بھی خاصی پھیلی ہوئی ہے' لیکن اگر روئے ارض پر انسان کا مستقبل ہی داؤ پر لگ جائے تو ایسی بڑی مارکیٹ اور اس سے ہونے والی کمائی کا کیا فائدہ؟ معیشت کا خیال ضرور رکھیں لیکن اہمیت انسانیت کو ملنی چاہیے۔ ورلڈ بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق 2026ء تک پاکستان میں شرح غربت 40 فیصد رہنے کا اندیشہ ہے جبکہ 2024ء کے دوران پاکستان میں غربت کی شرح میں سات فیصد اضافہ ہوا۔ اور ورلڈ بینک کی ہی ایک اور رپورٹ کے مطابق بھارت میں 12 کروڑ 90 لاکھ (129 ملین) افراد خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ یعنی وہ روزانہ 2.15 ڈالر یا 181 بھارتی روپے سے بھی کم کما پا رہے ہیں

مسئلہ کشمیر پر ٹرمپ کی ثالثی کی خواہش

پاکستان اور بھارت کی کشیدگی کے حالیہ راؤنڈ میں کھل کر سامنے آنے والی بہت سی حقیقتوں میں سے سب سے اہم یہ ہے کہ نریندر مودی جس مسئلہ کشمیر کو پانچ اگست کے تابوت میں بند کرچکے تھے وہ ایک بار پھر کفن پھاڑ کر بولا ہے اور بھارتی حکمرانوں کے لئے یہ صرف حیرت انگیز نہیں بلکہ اس لحاظ سے بھی تکلیف دہ ہے کہ ان کا چھ سالہ بیانیہ جھیل ڈل میں بہہ گیا ہے۔ بھارت کے اندر اور باہر یہ تسلیم کیا جا رہا ہے کہ نریندر مودی کی حکومت نے مسئلہ کشمیر کو ایک بار پھر دنیا کا سلگتا ہوا مسئلہ بنا دیا ہے۔ ان میں کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے نہایت کھلے انداز میں کہا کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کو انٹرنیشنلائز کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے۔ یہی رائے ایکس پر ایک مغربی دانشور سٹیفنی جونی کی تھی جن کا کہنا تھا کہ پاکستان موثر طریقے سے کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں کامیاب ہوا۔ کانگریس کے لیڈر سچن پائلٹ نے بھی یہ سوال اٹھایا کہ کیا بھارت مسئلہ کشمیر پر امریکہ کی ثالثی قبول کرنے پر آمادہ ہو گیا ہے کیونکہ پہلی بار سیز فائر کا اعلان امریکی صدر نے کیا ہے؟ سچن پائلٹ سابق بھارتی وزیر راجیش پائلٹ کے بیٹے اور فاروق عبداللہ کے داماد بھی ہیں۔ اس جوڑے میں اب طلاق ہو چکی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر پاکستان اور بھارت کے درمیان سیز فائر کا اعلان کرنے کے ساتھ ساتھ مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنی خدمات پیش کیں۔ بعدازاں سعودی عرب کے دورے کے دوران بھی انہوں نے اپنے دل کی اس خواہش کو دبانے کی بجائے اظہار کر دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل میں مدد کر سکتے ہیں۔ یہیں انہوں نے پاکستان اور بھارت کی قیادتوں کو ایک ساتھ ڈنر کرنے اور تجارت کا آغاز کرنے کا مشورہ بھی دیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بند کراتے ہوئے اپنی اس دھمکی کو بھی راز نہیں رہنے دیا کہ اگر جنگ بند نہ ہوئی تو امریکہ دونوں ملکوں کے ساتھ تجارت ختم کرے گا اور اگر جنگ بند ہوئی تو تجارت بڑھائے گا۔ ٹرمپ اس سے پہلے غزہ میں قیدیوں اور



یوکرین کی جنگ رکنے کے لئے بھی دوٹوک انداز بیاں اختیار کر چکے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ ایک ایسے غیر معمولی امریکی صدر ہیں جو صدر منتخب ہونے سے پینتیس سال قبل اپنی کتاب 'دی آرٹ آف دی ڈیل' میں کہہ چکے ہیں حیرت انگیز تیقن کے ساتھ کہہ چکے تھے کہ جب وہ امریکہ کے صدر بنیں گے تو وہ فلاں فلاں کام کریں گے۔ ایسے میں ڈونلڈ ٹرمپ تجارتی ہتھیار استعمال کرکے پاکستان اور بھارت کو نہ صرف قریب لانے کی کوشش کریں گے بلکہ ان کی کوشش ہوگی کہ دونوں کے درمیان معمول کے تجارتی تعلقات بھی قائم ہوں۔ یہ بات کہنا قبل از وقت ہے کہ دونوں کے درمیان من موہن اور پرویز مشرف کے پیس پروسیس کے تار دوبارہ جڑ پائیں گے۔ نریندر مودی کی موجودہ روش کو دیکھیں تو ایسا ہوتا ہوا نظر نہیں آتا کیونکہ سیز فائر کے بعد بھی نریندر مودی نے جس طرح اپنی تقریر میں مسئلہ کشمیر کی ایک ہی اور پرانی تشریح پر اصرار کیا کہ مسئلہ فقط یہ ہے کہ پاکستان نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان پر قبضہ کر رکھا ہے اس سے صاف لگتا ہے کہ رویے اور موقف کا پرنالہ اپنی جگہ پر ہے۔ اس رویے اور ہٹ دھرمی کے باوجود اگر ڈونلڈ ٹرمپ پاکستان اور بھارت کے درمیان 'کشمیر سینٹرک' پیس پروسیس [illegible]

اوستہ محمد، صوبائی وزیر صادق عمرانی صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

ملک بھر کی طرح زیارت میں بھی یوم تشکر شاندار انداز میں منایا گیا

پرچم کشائی کی تقریب قائداعظم ریذیڈنسی میں منعقد کی گئی مہمان خصوصی ڈی سی تھے

تقریب میں ایف سی میجر افنان، ڈسٹرکٹ افسران مختلف مکاتب فکر کے افراد موجود تھے

زیارت (آن لائن) ملک بھر کی طرح زیارت میں بھی آج یوم تشکر کو شاندار انداز میں منایا گیا، اس سلسلے میں پرچم کشائی کی شاندار تقریب قائداعظم ریذیڈنسی میں منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی تھے تقریب میں ایف سی میجر افنان، ٹوکل پرسن خسرو فوڈ حاجی راز محمد، ڈسٹرکٹ پولیس افسر اویس علی، اسسٹنٹ کمشنر محمد افضل ڈسٹرکٹ افسران، مختلف مکاتب فکر کے افراد موجود تھے، اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی کو سلامی پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی کی قیادت میں افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر زیارت آفس سے ریلی نکالی گئی ریلی ڈی سی آفس سے شروع ہو کر مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس ڈی سی آفس میں اختتام پذیر ہوئی ریلی کے شرکا نے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج کی حمایت میں نعرے لگائے ریلی کے شرکا سے ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن یوم تشکر منانا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اپنی افواج پر فخر کرتے ہیں اور معرکہ حق میں تاریخی فتح پر اپنی افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ قائم و دائم رہے گا اور پاکستان کے خلاف انڈیا کی سازشیں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور سلامتی کے لیے ہم سب کو کردار ادا کرنا ہوگا

اوپن یونیورسٹی نصیر آباد میں یوم تشکر، افواج پاکستان کو خراج تحسین

قرآن خوانی اور دعاؤں سے دن کا آغاز، ملی جوش و جذبے سے یوم تشکر منایا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ہدایت پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نصیر آباد بلوچستان کیمپس میں بھی معرکہ بنیان مرصوص میں یوم تشکر کے موقع پر دن کا آغاز قرآن خوانی اور دعاؤں کے ساتھ ہوا اور یوم تشکر کے تقریب کے موقع پر ریجن کیمپس نصیر آباد عبدالغفار ہنگورٹی۔ معرکہ حق، آپریشن بنیان مرصوص میں افواج پاکستان کی شاندار کامیابی پر قوم آج ملی جوش و جذبے کے ساتھ یوم تشکر منا رہی اور دن کا آغاز مساجد میں استحکام پاکستان اور ترقی و خوشحالی کی خصوصی دعاؤں کے ساتھ کیا گیا اس کے علاوہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کیلئے بھی خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا اور نماز تشکر کی ادائیگی کے بعد افواج پاکستان کی کامیابی و کامرانی اور شہداء کے بلند درجات کیلئے دعا کی عبدالغفار ہنگورٹی نے مزید کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے اس عہد کو دہرایا کہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے

یوم تشکر، معرکہ حق کے سلسلے میں تقاریب، ڈی سی آفس میں پرچم کشائی، لیویز و پولیس کے چاک و چوبند دستوں نے سلامی دی، محکموں کے سربراہان، طلباء، سول سوسائٹی کی شرکت

کوہلو آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی و پاک فوج سے اظہار یکجہتی موٹر سائیکل ریلی کا اہتمام

شرکاء نے پاکستانی پرچم، پلے کارڈز اور مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کے لئے پینا فلیکس اٹھائے ہوئے تھے، شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کوہلو کے شہداء کے قبروں پر حاضری دی گئی، پرچم بھی لہرایا

پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کے زبان میں موثر جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کرنے کے ساتھ بھارت کے ٹیکنالوجی جنیئس کا غرور بھی خاک میں ملا دیا، عقیل بلوچ

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل کریم بلوچ کی زیر قیادت یوم تشکر/معرکہ حق کے سلسلے میں پروقار تقاریب کا اہتمام کیا گیا، جس کا مقصد بھارت کی حالیہ جارحیت کیخلاف افواج پاکستان کو خراج عقیدت، شہداء، وطن اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا تھا۔ تقاریب کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس کوہلو میں پرچم کشائی کی تقریب سے ہوا جہاں لیویز و پولیس کے چاک و چوبند دستوں نے سلامی دی۔ پرچم کشائی تقریب میں تمام محکموں کے سربراہان، طلباء، تنظیمیں اور سول سوسائٹی سے جڑے افراد نے شرکت کی۔ آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی و پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لئے اہلیان کوہلو کی جانب سے موٹر سائیکل ریلی کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں شرکاء نے پاکستانی پرچم اور پلے کارڈز اٹھائے ہوئے تھے۔ مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کے لئے شرکاء نے پینا فلیکس بھی اٹھائے ہوئے تھے۔ اس موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوہلو نے کہا کہ 16 اور 17 مئی کی درمیانی شب دشمن نے بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں معصوم اور بے گناہ پاکستانی شہری شہید ہوئے جسکے بعد ہماری مسلح افواج نے دشمن کو تاریخی جواب دیا۔ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں موثر جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کرنے کے ساتھ ساتھ بھارت کے ٹیکنالوجی جنیئس کا غرور بھی خاک میں ملا دیا۔ یوم تشکر کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے کوہلو کے شہداء کے قبروں پر حاضری دی گئی اور پھولوں کے گلدستے رکھ کر پرچم بھی لہرایا گیا۔ لیویز لائن کوہلو میں شہداء کے درجات کی بلندی و آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر قرآن خوانی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول مستونگ میں معرکہ حق کی کامیابی پر یوم تشکر

آج کے دن کی مناسبت سے تقاریب ان عظیم شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے

خضدار، وڈیرہ فاروق جاموٹ کی وفات پر اظہار تعزیت

قومی شاہراہ کی تعمیر میں ناقص میٹریل کا استعمال ہو رہا ہے، منظور گچکی

پشین، یوم تشکر کے موقع پر افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت اے ڈی سی پائسن اختر کر رہے ہیں

علومی اشتہارات MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔ادور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کی صورت میں دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-23 رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ بارڈانہ ہزار گنجی جو کہ اس وقت سید ملک ولد محمد حنیف اور محمد داؤد ولد غلام دستگیر کے نام پر ہیں کی ٹرانسفر بنام عبدالمنان ولد سید گل ہونا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........61376

اظہار لاتعلقی

مسمی علی احمد ولد ملک محمد حسن مرحوم ساکن ہیچی کاریز زیارت شناختی کارڈ نمبر 5540109267109 ہم وارثان نور احمد، سعید احمد، شبیر احمد پسران ملک محمد حسن، ملک محمد غوث ولد ملک خان محمد، محمد طاہر، عبدالرزاق، عبدالخالق اور عبدالوارث پسران ملک محمد غوث مسمی علی احمد ولد ملک محمد حسن مرحوم کے ساتھ جو بھی فرد یا گروہ لین دین کا کام کرے گا وہ اپنے نفع اور نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اس کا مندرجہ ذیل بالا خاندان سے کوئی تعلق نہیں ہوگا

R.No..........61377

سوئی، یوم تشکر تقریب پرچم کشائی، آپریشن بنیان المرصوص میں شاندار کامیابی پر خراج تحسین

تقریب میں ایس ایس پی محمد ایوب، ایف سی 61 ونگ کے میجر عقیل، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے شہری، عمائدین طلبا کی بڑی تعداد میں شرکت

ریلی میں شریک افراد نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے، قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر سطح پر ملکی سلامتی کے لیے تیار ہے، حبیب نصیر

یوم تشکر، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول بارکھان میں سیمینار کا انعقاد

طلباء، اساتذہ، والدین، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت

تعلیم ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جو نوجوانوں کو روشن مستقبل دے سکتا ہے، عبداللہ کھوسو

معرکہ حق میں تاریخی فتح کی مناسبت سے یوم تشکر ریلی شہداء کی قبروں پر حاضری قرآن خوانی کا اہتمام

شرکاء نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے، شہری ایکشن کمیٹی، سول سوسائٹی، انجمن تاجران، ہندو پنچائیت کے نمائندوں کی شرکت

ریلی میں مختلف مکاتب فکر کے افراد کی بھرپور شرکت، ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ، ایس ایس پی جاوید احمد

دالبندین، یوم تشکر عقیدت و احترام سے منایا گیا، تقریب کا انعقاد

آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر قوم اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا گیا

قوم دشمن کی ہر سازش کا ڈٹ کر جواب دینے کیلئے پرعزم ہے، ظفر سومرو

آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بشیر احمد نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا تفصیلی دورہ

ڈاکٹرز، اسٹاف کی حاضری رجسٹر چیک کی اور مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا

اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی بین الاضلاعی ڈکیت گروہ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی تین موٹر سائیکلیں برآمد، مزید کارروائی جاری ہے

ڈی سی اوستہ محمد کی زیر صدارت یوم تشکر کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ کوئٹہ

مثل نمبر 38/25 — آئندہ تاریخ 27/5/2025

درخواست برائے لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام عوام الناس:۔ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن بابت جائیداد پلاٹ رقبہ 20059 یارڈ خسرہ نمبر C-584 زرغون ہاؤسنگ اسکیم مشرقی بائی پاس کوئٹہ کے گزاری ہے جس کی آئندہ ساعت 27/5/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کے بابت کسی کو کسی قسم کا عذر ہو تو مقررہ تاریخ ساعت پر پیش ہو آج بمورخہ 15/5/2025 کو بدستخط میرے مہر عدالت کے جاری ہوا

61373

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ کوئٹہ

مثل نمبر 39/25 — آئندہ تاریخ 27/5/2025

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

61373

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ XIII دفتر شاہ صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 23/25 — آئندہ تاریخ 24/5/2025

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں سائل / سائلان نے ایک درخواست بابت جانشینی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ ساعت 24/5/025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو وہ مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 9/5/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61374

از دفتر ڈپٹی کمشنر ضلع خضدار

اشتہار بنام عوام الناس

برائے پیرا ایٹ لیز درخواست گزاری ہے اس سلسلے میں اگر کسی شخص یا اشخاص اسرکاری و نیم سرکاری ادارے کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشاعت کے پندرہ ایام کے اندر اندر دفتر زیر دستخطی میں اپنے ثبوت و اثبات کے ساتھ پیش ہوں بصورت دیگر کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اور بابت درخواست گزار کے حق میں برائے پیرا ایٹ لیز حکام بالا کو سفارش کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 12/5/2025 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

61375

از دفتر ڈپٹی کمشنر ضلع خضدار

اشتہار بنام عوام الناس

سرداری شہر تحصیل وڈھ ضلع خضدار نے ٹوٹل رقبہ 999.64 ایکڑز بمقام پورانی ندی سب تحصیل آرنجی وڈھ ضلع خضدار برائے ماربل لیز درخواست گزاری ہے اس سلسلے میں اگر کسی شخص یا اشخاص اسرکاری و نیم سرکاری ادارے کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشاعت کے پندرہ ایام کے اندر اندر دفتر زیر دستخطی میں اپنے ثبوت و اثبات کے ساتھ پیش ہوں بصورت دیگر کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اور بابت درخواست گزار کے حق میں برائے ماربل لیز حکام بالا کو سفارش کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 12/5/2025 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

61375

TENDER NOTICE

The Municipal Committee LORALAI invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505711061 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 5%**

S.No	Class of Object	Tender Cost
1.	SUPPLYING OF SEWING MACHINES FOR DISTRICT LORALAI	19801600

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 19,800,000 in Previous 5 Years Turn over of at least 16,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Bidder shall not have the Conflict of Interest. Bidder is not blacklisted, Blacklisting means: "Barring a bidder, contractor, consultant or supplier from participating in any future procurement proceedings by the Pakistan Engineering Council/PPRA/any government, semi government, and autonomous body All pending litigation shall in total not represent more than fifty (50) % of the Bidder's net worth and shall be treated as resolved against the Bidder. provide at least 3 supply orders **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 5 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 02 June, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Office of the municipal Committee Loralai Phone no: 3337917291 Email: abdbaseerkhan1122@gmail.com

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE LORALAI

AB No.1092/16-5-2025

TENDER NOTICE

TSE-242505709403 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The NATURAL CALAMITIES & OTHER DISASTER (ESTABLISHMENT) invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION OF FACILITIES OF ERC AT KANMETHERZAI	39,048,845

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 27,334,191 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) , EE11(vi) (General Electrical Works Only). Submission of the required ISO 9001:2015 certificate Affidavit Of Non Blacklisting On 100 Rs Stamp Paper, Duly Attested By 1st Class Magistrate Affidavit of non Litigation on 100 Rs Stamp paper, duly attested by 1st Class Magistrate. Written confirmation (Power of Attorney) authorizing a person to submit the Bid. Name and CNIC No on 100 Rs stamp paper , duly attested by 1st class Magistrate Last 03 years, with holding tax audit order i-e, 2022, 2023, and 2024, including CPRS. In the case of a non-withholding agent, a certificate from the FBR is required, confirming that no government dues or taxes are pending against the contractor **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 June, 2025till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Grain Silos Sheikh Manda Airport Road Quetta

Phone no: 0819241118 Fax no: 0819241126
Email: pdma.balochistan2007@gmail.com

Assistant Director
NATURAL CALAMITIES & OTHER DISASTER (ESTABLISHMENT)

AB No.1102/16-5-2025

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Municipal Committee LORALAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 5%**

S.No	Class of Object	E/Cost
1	REPAIR & INSTALLATION OF STREET LIGHTS IN DISTRICT LORALAI PSDP FOR THE YEAR 2025-26 **TSE-242505710433**	39,329,288

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 27,530,501 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE11(I) (Solar). Bidder shall not have the Conflict of Interest. Bidder is not blacklisted, Blacklisting means: "Barring a bidder, contractor, consultant or supplier from participating in any future procurement proceedings by the Pakistan Engineering Council/PPRA/any government, semi government, and autonomous body All pending litigation shall in total not represent more than fifty (50) % of the Bidder's net worth and shall be treated as resolved against the Bidder. Not being under execution of a Bid Securing Declaration for last 5 years All Non-performance of a contract did not occur within the last 5 years prior to the deadline for bid submission based on all information on fully settled disputes or litigation. **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 5 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **02 June, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **02 June, 2025** till **11:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:00 PM Address:** Office of the municipal Committee Loralai **Phone no:** 3337917291
Email: abdbaseerkhan1122@gmail.com

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE LORALAI

AB No.1095/16-5-2025

آخری نوٹس

اطلاع برائے الاٹی انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیرہ مراد جمالی مندرجہ ذیل کارخانہ داروں کو جنہوں نے پلاٹ کارخانہ جات انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیرہ مراد جمالی میں حاصل کئے ہیں اور انہوں نے ابھی تک اپنے ذمہ واجب الادا رقم پلاٹ کی اقساط، کرایہ زمین وغیرہ جمع نہیں کرائے ہیں اور نہ ہی فیکٹری لگائی ہیں ان کو بذریعہ نوٹس کئی مرتبہ اطلاع کیا ہے۔ اور اب بذریعہ اشتہار ہذا ایک بار پھر مطلع کرتے ہیں وہ اپنے ذمہ واجب رقم اس اشتہار کی اشاعت کے 15 ایام کے اندر اندر جمع کرائے جو لائی اپنے واجبات جمع نہیں کرائیگا اس کا پلاٹ منسوخ کر دیا جائیگا اور جو رقم آپ نے ابھی تک جمع کرائی ہے وہ سرکار ضبط کر لے گا کوتاہی کی صورت میں محکمہ پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی۔

1	غوثیہ رائس مل	سعد اللہ جمالی	A-31 to 34 & A-43 to 46
2	جاوید آئس فیکٹری	احمد بخش	A-50
3	نسیم گوہر پلاسٹک اینڈ آئس فیکٹری	نسیم گوہر	B-19,20 & B-40,41
4	پرویز عمرانی رائس مل	پرویز خان عمرانی	B-111,112 & B-120,121
5	حسینی رائس مل	غلام حسین	B-109,110 & B-122,123
6	بلوچستان فلور مل	امداد مغیری	B-73
7	بلوچستان فلور مل	دلیپ کمار	B-72
8	علی رائس مل	محمد ہاشم	B-49,50 & B-70
9	علی رائس مل	ورک خان	B-71
10	مدینہ رائس مل	مریم فتح	C- 09
11	حسن آئس فیکٹری	کرم علی	C-13 to C-18
12	مگسی دال مل	ارشاد حسین مگسی	C-12 & C-19
13	ڈومکی رائس مل	ممتاز علی	C-01 to 04 & C-27 to 30
14	بلوچستان آئس فیکٹری	عبدالستار	C-05
15	سجاد آئس اینڈ پلاسٹک فیکٹری	ذوالفقار	C-07 & C-24
16	نثار احمد اینڈ سنز آئل ایکسپلر فیکٹری	نثار احمد	C-06 & C-25
17	الحسینی آر سی سی پائپ	نوید احمد	C- 08 to C-23
18	دینار فلور مل	مہر اللہ	C- 22
19	بلوچستان پلاسٹک فیکٹری	فضل احمد	C- 26
20	سید شفقت آئس فیکٹری	صفدر شاہ	C- 31 & C- 32
21	تیرہ دال مل	امیت کمار	C- 33
22	بلوچستان ڈیری فارم	جاوید علی	C- 34
23	بلوچستان پلاسٹک فیکٹری	ارسلہ خان	C- 35
24	الاحد منی فلور مل	محمد صلاح	C- 36 & C- 37
25	پرکاش لعل دال مل	پرکاش لعل	C- 39
26	فہد آئس اینڈ منی فلور مل	عبدالمجید	C- 41 & C- 42
27	گل پی وی سی پائپ	علی حیدر	C- 45 & C- 46
28	ہنگورئی فلور مل	عمران علی	C -14 to 17

ڈائریکٹر (اسٹیٹ) انڈسٹری اینڈ کامرس بلوچستان

PRQ No 4460/15-05-2025

روزنامہ مشرق کوئٹہ MASHRIQ

افواج پاکستان نے ایمانی قوت سے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا، ڈی سی

یوم تشکر کی تقریب، میں پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سبز ہلالی پرچم کو سلامی پیش کی نعرہ تکبیر اللہ اکبر کی صدائیں گونج اٹھی

چند گھنٹوں کی جنگ نے بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا، پاک فوج نے خود سے تین گنا بڑی فوج کے دانت کھٹے کر دیے، منیر کاکڑ

پوری قوم بنیان مرصوص بن کر دشمنوں کے سامنے کھڑی رہی، آئندہ کوئی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کر سکتا، خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں بنیان مرصوص کی کامیابی پر آج ملک بھر کی طرح ضلع نصیر آباد میں بھی یوم تشکر منایا گیا ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے پرچم کشائی کی پولیس کے چاک و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کر کے سبز ہلالی پرچم کو سلامی پیش کی نعرہ تکبیر اللہ اکبر کی صدا میں گونج اٹھی پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے گئے بعد ازاں اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں نصیر آباد ضلع انتظامیہ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت یوم تشکر کے حوالے سے تقریب کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ ایجوکیشن کے مختلف سکول کے طلبہ و دیگر ضلع افسران، شہری ایکشن کمیٹی، تاجران، علماء کرام کونسلران، سول سوسائٹی اور مختلف سیاسی جماعتوں ...

... میٹ کر کے رکھ دیا پاک فوج نے جرات و بہادری کا وہ مظاہرہ کیا جسے پوری دنیا سراہ رہی ہے اور بہادری کی اس تاریخ کو ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا چند گھنٹوں کی جنگ نے بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا اور آئندہ وہ پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی ہرگز کوشش نہیں کرے گا پوری قوم بنیان مرصوص بن کر دشمنوں کے سامنے کھڑی رہی آج دنیا نے دیکھ لیا کہ پاکستان کی افواج خود سے تین گنا بڑی فوج کے دانت کھٹے کر دیے جنہوں نے تین گھنٹوں تک دشمن ملک کے اندر اپنی بہادری کے جھنڈے گاڑے مگر دشمن میں اتنی جرات نہ رہی کہ وہ پاکستانی سپوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکیں

ڈی سی پشین کی قیادت میں یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی، ریلی کا انعقاد

ریلی کا مقصد آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا ہے، زاہد

پشین (آن لائن) ڈپٹی کمشنر زاہد خان کی قیادت میں یوم تشکر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ریسٹ ہاؤس میں پرچم کشائی کا پروقار تقریب اور مشترکہ ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ...

... ہے اور پاکستانی قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی۔ انہوں نے عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے دیرپا اور منصفانہ حل کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرے ...

... دندان شکن جواب دیا ہے کہ ان کی آنے والی نسلیں بھی یاد رکھیں گی، انہوں نے شہداء وطن کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں دشمن کی سازشوں کا بخوبی ادراک ہے اور پوری قوم متحد ہے اور قوم ہر محاذ پر مدافعین وطن کے ساتھ کھڑی ہے، تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی اور کشمیری عوام کی آزادی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

... تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن "بنیان المرصوص" نے بھارتی بالادستی اور جاہ جاہٹ دھرمی کا خواب چکنا چور کر دیا ہے، جبکہ اپنی دفاعی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دشمن کو جنگ بندی پر مجبور کر دیا گیا، یہ دن اللہ رب العزت کے حضور سجدہ شکر بجا لانے کا دن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوم کو اس کامیابی پر فخر ... فوج نے اپنی ایمانی قوت سے بھارتی غرور ملیا

اوستہ محمد، ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی گرفتار ملزمان کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

ڈی سی مستونگ کمپلیکس میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر یوم تشکر

دن کا آغاز مساجد میں استحکام پاکستان، ترقی و خوشحالی کی خصوصی دعاؤں کے ساتھ کیا گیا

مستونگ (اے پی پی) ملک بھر کی طرح حکومت بلوچستان کی ہدایت پر مستونگ میں ڈپٹی کمشنر مستونگ کمپلیکس میں آپریشن بنیان مرصوص میں افواج پاکستان کی شاندار کامیابی پر قوم آج ملی جوش و جذبے کے ساتھ یوم تشکر منائی اور دن کا آغاز مساجد میں استحکام پاکستان اور ترقی و خوشحالی کی خصوصی دعاؤں کے ساتھ کیا گیا اس کے علاوہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کیلئے بھی خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا اور نماز تشکر کی ادائیگی کے بعد افواج پاکستان کی کامیابی و کامرانی اور شہداء کے بلند درجات کیلئے دعا کی مساجد میں علماء، عوام اور پاک فوج کے جوانوں نے اس عہد کو دہرایا کہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا جبکہ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں تقریب کے دوران لیویز فورس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی ...

ضلع چاغی کی زرعی پیداوار کو قومی سطح پر فروغ دیا جائے، قادر سنجرانی

ضلع چاغی کے زرعی شعبے کو محض 2 فیصد ظاہر کیا گیا ہے، جو سراسر ناانصافی ہے

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی خان پینل کے رہنما میر قادر سنجرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ضلع چاغی نہ صرف سونے اور تانبے کے وافر ذخائر کا حامل ہے بلکہ زرعی پیداوار کے لحاظ سے بھی ایک اہم علاقہ ہے۔ یونین کونسل پدگ سے لے کر یونین کونسل چاغی، آمین آباد، شہ سالار، زیارت بلانوش، حلقاغی، کوکو اور تالاب تک لوگ زراعت سے وابستہ ہیں ... اور غیر ذمہ دارانہ رویے کے باعث پورے پاکستان میں ضلع چاغی کے زرعی شعبے کو محض 2 فیصد ظاہر کیا گیا ہے، جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ آج تک ضلع چاغی کے کسانوں کے لیے کوئی خصوصی پیکیج یا امدادی اسکیم فراہم نہیں کیا گیا۔ محکمہ زراعت کو چاہیے کہ وہ ضلع چاغی کی زرعی صلاحیت کو اجاگر کرے اور جدید زرعی ٹیکنالوجی متعارف کرائے۔

ڈی ڈی ای او کمیل شبانہ نیاز کا گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کا دورہ

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی خضدار کے ضلعی رہنما میونسپل کارپوریشن کے کونسلر میر احمد خان گنگو اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کمیل خضدار شبانہ نیاز نے گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول گنگو فیروز آباد کا خصوصی دورہ کیا دورہ کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کمیل خضدار شبانہ نیاز نے اسکول کے مسائل سے میر احمد خان گنگو کو تفصیلات آگاہ کر دی دورہ کے موقع پر میر احمد خان گنگو نے اسکول کے کمروں کی خستہ حالی باتھ رومز اسکول کی مکمل وائٹ واش پانی اور خصوصاً تدریسی سامان کی کمی و دیگر مسائل کو حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کرائی۔

بچے ایک محفوظ و بہتر تعلیمی ماحول کے مستحق ہیں، بلخ شیر قاضی

تربت (ن ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی نے تنک سنگانی سر میں واقع گورنمنٹ مڈل اسکول کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، عمارت کی حالت، اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ چیف آفیسر شعیب ناصر، انجینئر محمد حسین، اور کونسلرز طارق بابل و کیپٹن اعجاز بھی موجود تھے انہوں نے اسکول کے ہیڈ ماسٹر سے ملاقات کی اور اسکول سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی جس میں خستہ حال کلاس رومز، پنکھوں کی خرابی، بجلی کی غیر موجودگی، اور پینے کے پانی کی قلت جیسے مسائل پر تبادلہ خیال ہوا۔ چیئرمین نے ان مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے اعلان کیا کہ اسکول میں جلد کنواں کھودا جائے گا تاکہ پانی کی ...

نصیر آباد میں نئے پولیس تھانوں کا قیام وقت کی اولین ضرورت!!

تحریر: عبدالرزاق بنگلزئی

نصیر آباد ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر ضلع نصیر آباد، جس کا شمار بلوچستان کے اہم اور گنجان آباد شہروں میں شمار ہوتا ہے اس وقت یہ ضلع 6 لاکھ سے زائد آبادی پر مشتمل ہے۔ اتنی بڑی آبادی کیلئے صرف چند پولیس تھانے اور چند سو نفری پر مشتمل فورس ضلع میں 15 سے 20 سالوں سے نصیر آباد پولیس میں نہ اہلکاروں کی پروموشن ہوئی ہے نہ ٹریننگ کرنے والے حوالداروں کو پروموشن دی گئی ہے بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران اس اہم مسئلے پر خصوصی توجہ دیں تاکہ پولیس جوانوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ، نفری کی کمی کا مسئلہ حل ہو سکے۔ اس طرح جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنایا جا سکتا ہے جو اس وقت ایک چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ ضلع اور شہر کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ضرورت اس امر کی ہے کہ نصیر آباد میں مزید پولیس تھانوں کا قیام عمل میں لایا جائے، پولیس نفری کی کمی کو مدنظر رکھ کر حکومت زیادہ سے زیادہ پولیس محکمہ میں خالی آسامیوں کو فی الفور پر کرے تاکہ پولیس کی افرادی قوت میں اضافہ ہونے کے ساتھ پولیس فورس جرائم پیشہ افراد کے خلاف موثر طریقے سے اپنا کردار ادا کر سکے۔ شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے شرقی سائیڈ، اور ضلع کے مختلف علاقوں بالان شاخ، سرکل امداد کھوسہ، بگا بیروان جیسے علاقوں میں پولیس تھانوں کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے، جہاں بڑھتی ہوئی آبادی اور جرائم میں اضافہ عوام کو عدم تحفظ کا شکار بنا دیا ہے۔ اپوزیشن رہنماؤں تاجر برادری سمیت سول سوسائٹی کے نمائندوں اور منتخب عوامی نمائندوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر اٹھائیں اور نصیر آباد میں تین سے چار نئے تھانوں کی منظوری کیلئے عملی اقدامات کریں کسی بھی علاقے کی ترقی میں امن و امان کا انتہائی بنیادی اور کلیدی کردار ہوتا ہے جہاں امن ہو گا وہاں ترقی و خوشحالی ہو گی امن و امان کی بہتری سے ہی ہم اپنے ضلع کو مثالی اور ترقی یافتہ بنا سکتے ہیں بشرطیکہ اس کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔

خضدار پولیس کی کامیاب کارروائی، پانچ ملزمان گرفتار، موٹر سائیکل برآمد

بھاری مقدار میں منشیات، چوری شدہ گاڑی برآمد اور مفرور ملزم عبدالواحد گرفتار

... آف پولیس جاوید زہری کی ہدایت پر ڈی ایس پی محمد زمان چندرانی کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او سٹی بھاول خان چندرانی، ایس آئی عبدالحق نوتانی، اے ایس آئی عبدالصمد مینگل نے پولیس ٹیم کیساتھ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیاب کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ملزم عمران کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے مقدمہ نمبر 025/87 بجرم 3b(1)9 درج ... بجرم 392 درج کر کے کارروائی شروع کر دی تیسری کارروائی میں کراچی سے چوری شدہ گاڑی برآمد کر کے دو ملزمان محمد یوسف اور علی نواز کو گرفتار کر کے مقدمہ نمبر 88/025 بجرم 412 درج کردی چوتھی کارروائی میں مفرور ملزم عبدالواحد کو مقدمہ نمبر 43/25 بجرم 394-506 میں گرفتار کر کے کارروائی شروع کر دی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایسی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

پشین، تحصیل برشور توبہ کاکڑی میں اولسی کمیٹی کے زیر اہتمام مشاورتی جرگے سے ممبر صوبائی اسمبلی اسفند یار خان کاکڑ، حکیم زرین اللہ خان کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

صحبت پور ڈی سی آفس سمیت مختلف سرکاری سکولز میں یوم تشکر پر ریلیوں کا انعقاد

پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے تیار ہے، میڈم فریدہ ترین

شرکاء کی پاک فوج کے حق میں نعرے بازی، پاک افواج نے بھارت کو گھر میں گھس کر مار کر اس کا غرور خاک میں ملا دیا، مقررین

صحبت پور (نمائندہ مشرق) ضلع صحبت پور کے ڈپٹی کمشنر آفس، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول صحبت پور سمیت مختلف سرکاری سکولز میں بھی یوم تشکر کے موقع پر ریلیوں کا انعقاد حکومت بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور میڈم فریدہ ترین کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر آفس میں پرچم کشائی ... زمان کھوکھر کی قیادت میں ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں طلباء، اساتذہ اور دیگر عملے نے ملی جوش و جذبے سے حصہ لیا۔ ان تمام ریلیوں کا مقصد بھارت کے خلاف آپریشن بنیان المرصوص کی تاریخی کامیابی پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ شرکاء نے اس موقع پر پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کی اور ان کی جرات و بہادری کو سلام پیش کیا۔

ژوب، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم تشکر کی مناسبت سے ریلی

وطن کے دفاع کا جذبہ ہماری رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے، شاہ بران

... یوم تشکر کی مناسبت سے ریلی نکالی گئی جس کی قیادت چیئرمین میونسپل کمیٹی شاہ بران کاکڑ اور اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم نے کی ریلی میں ضلعی افسران سکولوں کے طلبا اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم چیئرمین میونسپل کمیٹی شاہ بران کاکڑ نے کہا کہ آج کا دن اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وطن سے ہماری بہادر افواج دنیا کو یہ باور کرا دیا ہے کہ وطن کے دفاع کا جذبہ ہماری رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے آپریشن بنیان المرصوص دشمن کو اس کی عبرتناک شکست یاد دلاتا رہے گا آج پوری قوم وطن کے ناقابل تسخیر تحفظ پر افواج پاکستان کی مشکور ہے ہماری بری بحری اور فضائی افواج نے ہر محاذ پر دشمن کو دندان شکن شکست سے دوچار کیا

سید چیزل شاہ صوفی القادری کی برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

فنکاروں نے صوفیانہ کلام پیش کر کے خوب داد وصول کی، لنگر فی سبیل اللہ کا اہتمام

گنداواہ/جھل مگسی (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع جھل مگسی کے تاریخی گاؤں درگاہ فتح پور شریف میں عظیم صوفی بزرگ حضرت سید چیزل شاہ صوفی القادری کی سالانہ 41 برسی کے موقع پر صوفیانہ محفل کچہری منعقد ہوئی جس کی صدارت درگاہ کے سجادہ نشین صوفی سید سرفراز علی شاہ صوفی القادری نے کی۔ صوفیانہ محفل میں فنکاروں نے صوفیانہ کلام پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی، عقیدت مندوں و زائرین کے لیے درگاہ انتظامیہ کی جانب سے لنگر فی سبیل اللہ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا درگاہ پر آنے والے عقیدت مندوں کو سخت چیکنگ کے بعد اندر جانے کی اجازت دی جا رہی تھی اس موقع پر سید یونس علی شاہ سید آغا علی شاہ اور نواز فقیر و دیگر رضا کار سیکیورٹی کی نگرانی پر معمور تھے اس کے علاوہ سیکیورٹی حکام کی مدد کے لیے مختلف جگہوں پر رضا کار بھی بڑی تعداد میں سیکیورٹی سر انجام دے رہے تھے برسی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اسپیشل برانچ، پولیس، لیویز کے اہلکار ڈیوٹی پر مامور تھے

اوستہ محمد، شہر میں پینے کے صاف پانی کا شدید بحران شہریوں کو مشکلات

... بن گئے محکمہ بالا اس جانب فوری نوٹس لے اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قیامت خیز گرمی میں اوستہ محمد کے شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئے محکمہ پی ایچ ای عرصہ دراز سے ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے اور صارفین کو پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام اوستہ محمد کے شہری بے یارو مددگار ...

ایف سی پبلک سکول اینڈ کالج نوکنڈی میں یوم تشکر قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

طلباء و طالبات نے ملی نغموں اور ٹیبلو کے ذریعے پاکستان کی بہادری، قربانی اور لازوال حوصلے کو دلنشین انداز میں پیش کیا

تقاریر میں وطن عزیز کے شہداء اور زخمی غازیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا، وطن کے بہادر سپوتوں کے لیے دعا کی گئی

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) ایف سی پبلک اسکول اینڈ کالج نوکنڈی میں یوم تشکر بھرپور قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس پروقار تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد طلبہ نے ملی نغمے پیش کیے جو حب الوطنی کے جذبے سے لبریز تھے۔ طلباء و طالبات نے ٹیبلو کے ذریعے بھارت کی جارحیت کے خلاف پاکستان کی بہادری، قربانی اور لازوال حوصلے کو نہایت دلنشین انداز میں پیش کیا ... خطاب کیا۔ انہوں نے پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے محافظ ہیں جن کی بدولت ہم سکون کی نیند سوتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو پیغام دیا کہ وہ ہمیشہ اپنی صفوں میں اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کے جذبے کو زندہ رکھیں، اور ہر حال میں اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں۔

بلوچستان میں سیاحت کی ترقی کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، بلال کاکڑ

حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے گا

حب (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ... اور ہم ہم نیٹ ورک جیسے معتبر شراکت داروں کا خیر مقدم کرتے ہیں جو پائیدار اور جامع ترقی کے ...

اطلاع عام برائے زرعی کاروباری حضرات ضلع لسبیلہ

... رابطہ فون نمبر: 0302-2121001, 0334-3447583

ڈائریکٹر ایگریکلچر اکنامکس اینڈ مارکیٹنگ بلوچستان کوئٹہ
081-9211504

PRQ No 4463/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

... 02-06-2025 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 4464/16-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Government Of Balochistan Municipal Committee Gajjar Mashkay invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Supply and installation of solar street lights in Gajjar Bazar. **TSE- 242505711423**	5,000,000
2	Supply and installation of solar system for Mohalla khan jan khandari,Ghulam Rasool Mawar,khuda Bux Khandri,Dad Khuda Khandri, Mohd Hayat Khandri,Mohd Hakeem Yar Mohd, khalid Mohd Murad Liaqat abad,Mulla Taqdeer Masjid Karki,Badal khan Haroon Kallar,Ishaq Ellahi Bux,Nazir Qadir Bux Jump,Arif Abdul Wahid, Syed Abad,salah Rehmat Sharaki, shawkat Ali Khandri,Munshi Ali Mohd Kalat chair, **TSE- 242505711443**	13,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure, TSE-242505711423, TSE-242505711443, **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the o ce of the under -signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 02 June, 2025 at 09:00 Amand will be opened on same day at 10:00 AM **Address:** municipal committee gajjar mashkay **Phone no:** 3332948483 **Email:** gajjarmc3@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE GAJJAR MASHKAY

AB No.1106/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505711813 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Municipal Committee LORALAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 5%**

S.No	Class of Object	Tender Cost
1	SUPPLYING & FIXING OF ONE WAY ROAD SPIKES AT DISTRICT LORALAI	10,808,704

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,566,092 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE11(i) (General engineering Works only). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 5 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 June, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Office of the municipal Committee Loralai
Phone no: 3337917291 Email: abdbaseerkhan1122@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE LORALAI

AB No.1093/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Government Of Balochistan Municipal Committee Gajjar Mashkay invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of wss shoaib kalatchair **TSE- 242505711483**	2,000,000
2	Drilling and Development of Bore for Mohalla khan jan khandari,Ghulam Rasool Mawar, khuda Bux Khandri,Dad Khuda Khandri,Mohd Hayat Khandri,Mohd Hakeem Yar Mohd,khalid Mohd Murad Liaqat abad,Mulla Taqdeer Masjid Karki, Badal khan Haroon Kallar,Ishaq Ellahi Bux, Nazir Qadir Bux Jump,Arif Abdul Wahid, Syed Abad,salah Rehmat Sharaki,shawkat Ali Khandri,Munshi Ali Mohd Kalat chair, **TSE- 242505711463**	15,000,000
3	Construction of water channel for Joe Gajjar **TSE-242505711383**	3,500,000
4	Construction of sewerage line Gajjar **TSE- 242505711373**	4,000,000
5	Construction of Septic Tank for MadrasaGajjar **TSE-242505711323**	3,000,000
6	Construction of Water Channel for kallar Jan Mohammad. **TSE-242505711293**	2,000,000
7	Const: of Side Drain Nali **TSE-242505711273**	2,500,000
8	Construction of Side Drain Fareed Street Bandail **TSE- 242505711233**	2,000,000
9	Construction of protection wall for Khalid Saleem, Kabeer,Karim Dad,Zahid Hassan,Manzoor Saqib and At Hafiz Abad Iqbal **TSE-242505711193**	6,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-242505711523, TSE- 242505711503, TSE-242505711483, TSE-242505711463, TSE-242505711383, TSE-242505711373, TSE-242505711323, TSE-242505711293, TSE-242505711273, TSE-242505711233, TSE-242505711193) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the o ce of the under -signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 02 June, 2025 at 09:00 Am and will be opened on same day at 10:00 AM **Address:** municipal committee gajjar mashkay **Phone no:** 3332948483
Email: gajjarmc3@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE GAJJAR MASHKAY

AB No.11077/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer Municipal Corporation Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 3% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	SUPPLY & INSTALL OF HOME SOLAR PLATES VERIOUS WARDS OF MUNICIPAL CORPORATION CHAMAN **TSE- 242505708723**	5,245,808
2	PROVIDING & FIXING SOLAR STREET LIGHT AT VERIOUS WARD OF MUNICIPAL CORPORATION CHAMAN **TSE- 242505708183**	24,285,482

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-242505708723, TSE- 242505708183) **Tender Documents:**The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 29 May, 2025 at 11:00 AM and will be opened on same day at 12:00 PM **Address:** Chaman **Phone no:** 0312790414 **Fax no:** 0826612357
Email: mcchaman04@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL CORPORATION CHAMAN

AB No.1098/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Development Officer Dhadar Invites Bids From Eligible Bidders for Execution Of Following Works For The Year 2025 Based on composite Schedule Rates 2023 On Percentage Rates

NO Tender Fee PKR Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction Of Protection Bands, Union Councils Ghazitehsil Dhadar District Kachhi. **TSE242505710843**	4,941,792
2	Construction of tuff tiles, side drains, culverts at union councils kamoi tehsil dhadar district kachhi. **TSE-242505710873**	4,941,792
3	Construction Of Protection Of Bund, Side Drain, Pcc Street And Repair Uc Office At Union Councils Haji Saher Tehsil Dhadar District Kachhi. **TSE-242505710883**	4,941,792
4	Construction of pcc street, tuff tiles single road and chapara graveyard at union councils mashkaf tehsil dhadar district kachhi. **TSE-242505710903**	4,941,792
5	Repair of office building union councils and home solar system at union councils kot raisani tehsil dhadar district kachhi. **TSE-242505710913**	4,941,792

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.2.**Eligibility of Bidders:** can be see biding document's **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security** :The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank.5.**Tender Documents** :The bidding documents can be obtained from the office of thunder-signed 6.**Issuance of tender Documents** :From the date of publication of NIT to **02 June,2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission** :The Tenders must be submitted latest by**02 June,2025till11:00 AM** **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at**12:00 PM** 9.**Address:** Development Office LGRD Kachhi at Dhadar Near shahi chowk dhadar
Phone no:3468348907 **Email:** naeemshahzaddhadar@gmail.com

DEVELOPMENT OFFICER DHADAR

AB No.1097/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505711633 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The PMU School Education Department GoB invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF SCIENCE LABS IN GOVERNMENT HIGH/HIGHER SECONDARY SCHOOLAND GCEES IN BALOCHISTAN PSDP NO. 6052 (Z2024.2584) PACKAGE	15,929,310

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **02 June, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **02 June, 2025** till **10:30 AM** **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:30 AM Address:** H. No 74-A. Chaman Housing Scheme Quetta **Phone no:** 0812864295

Procurement Officer School Education Department GoB

AB No.1104/16-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیر اعلیٰ

اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک زندہ قوم ہے جو اپنے دفاع کو عبادت سمجھتی ہے آج ملک بھر میں یوم تشکر کی تقریبات اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اپنی فتح کو اجتماعی شعور اور قومی اتحاد سے مناتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم بار بار دنیا کو یہ پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، ہم خطے میں استحکام چاہتے ہیں، لیکن اگر کوئی ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھتا ہے اور ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے، تو ہم پھر سے تیار ہیں۔ اسے ویسا ہی دندان شکن جواب ملے گا، جیسا پہلے ملا وزیر اعلیٰ نے تقریب میں شرکت پر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ قومی اتحاد اور یگانگت کا عملی مظاہرہ ہے جو دشمن کو واضح پیغام دیتا ہے کہ پاکستان ایک مضبوط، متحد اور پرعزم ریاست ہے

بقیہ 2 — وزیراعظم

حل کرنا آج اسلام آباد پاکستان مانیومنٹ پر یوم تشکر کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی وزیراعظم شہباز شریف تقریب میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی سمیت تینوں سروسز چیفس بھی شریک تقریب میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق، وزیر دفاع خواجہ آصف اور وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ سمیت دیگر وزرا بھی شریک تقریب میں معرکہ حق کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا وزیراعظم شہباز شریف نے یوم تشکر کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز پر جانیں نچھاور کرنے والے شہدا کو سلام پیش کرتے وزیراعظم نے کہا کہ آج کا دن تشکر کا ہے، یہ دن صدیوں بعد کسی کو ملتا شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دشمن نے ہماری مخلصانہ پیشکش کو حقارت سے ٹھکرایا، ہم نے پیشکش کی تھی کہ پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ 9 اور 10 مئی کی رات کو افواج پاکستان کے سپہ سالاروں سے ملاقات ہوئی، اس ملاقات میں طے پایا کہ دشمن نے آخری حد بھی پار کرلی اب اسے سبق سکھانے کا وقت آگیا شہباز شریف نے کہا کہ دشمن نے ہمارے شہریوں کو حملہ کرکے انہیں۔ شہید کردیا جس میں 6 سال بچہ بھی شامل تھا، دشمن نے یہ پیغام دیا کہ ہم پاکستان کے اندر جاکر بھی حملہ کرسکتے وزیراعظم کا کہنا تھا اس دشمن کے 6 طیارے گرائے جو جنوبی ایشیا میں خود کو تھانے دار سمجھتا تھا، دشمن کے رافیل بھی مارے اور ان کے ڈرونز بھی شہباز شریف نے کہا کہ دشمن دھمکیاں دیتا رہا اس لیے ہم نے فیصلہ کیا کہ جواب دیں گے، 9 اور 10 مئی کی رات آرمی چیف نے بتایا کہ دشمن نے میزائل داغے ہیں، انہوں نے کہا مجھے اجازت دیں کہ ہم دشمن کو جواب دیں، دشمن کو ایسا تھپڑ ماریں گے کہ یاد کرے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے جواب سے دشمن کو پھر سر چھپانے کی جگہ نہیں مل رہی انہوں نے مزید کہا کہ آج دنیا بھر میں یہ بات ہورہی ہے کہ پاکستان نے کامیابی کیسے حاصل کی، پاکستان کے 24 کروڑ عوام کی دعائیں تھی جو اللہ تعالیٰ نے قبول کیں، آج ہم یوم تشکر اس طرح منا رہے ہیں کہ پوری قوم کے سر سجدے میں وزیراعظم نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اس سفر کا آغاز کریں کہ جس کے لیے پاکستان وجود میں آیا تھا، لاکھوں شہیدوں کی روحیں پکار رہی ہیں کہ آؤ پاکستانیوں قائداعظم کا پاکستان وزیر اعظم شہباز شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج جو وحدت ہے اس کو اپنا سرمایہ بنا دیں تو پاکستان اپنا مقام حاصل کرلے گا، اب ہمیں معاشی میدان میں 10 مئی کو معرض وجود میں لانا ہے۔

بقیہ 3 — یوم تشکر

میڈیا کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے اپنا فخر قرار دیا اور کہا کہ ہمارے میڈیا نے بھارتی میڈیا کو جو جواب دیا وہ یادگار ہے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اسلام آباد میں یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا ہمارا فخر ہے اور ہم نے کچھ چھپایا نہیں ساری حقیقت بتا انہوں نے کہا کہ میڈیا کا کردار پورے معاملے میں شاندار رہا ہے، ہمارے میڈیا نے بھارتی میڈیا کو جو جواب دیا وہ یادگار ہے، جس طرح ہمارے میڈیا نے جواب دیا اس پر ہمیں فخر ہے اور ہمارے میڈیا کا کردار ذمہ دارانہ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ پوری قوم نے متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کیا جن صحافیوں سے آرمی چیف نے گفتگو کی ان میں اینکر پرسن رحمان اظہر بھی شامل تھے۔

بقیہ 4 — دفتر خارجہ

کو ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا پاکستان بھارت کے درمیان سیز فائر کا معاہدہ خوش آئند ہے، پاکستان دونوں ممالک کے درمیان سیز فائر کے معاہدے کی خیر مقدم کرتا ہے، جنگ بندی بہت سارے دوست ممالک کی کوششوں سے کامیاب ہوئی، پاکستان امید کرتا ہے بھارت سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ شفقت علی خان نے کہا پاکستان نے بھارت کی جارحیت سے متعلق اپنے تمام دوست ممالک کو آگاہ کیا، پاکستان پرامن ملک ہے، امن سے محبت کو کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے، پاک بھارت جنگ بندی خطے میں امن کیلئے ضروری تھی، امریکی صدر اور ثالثی میں کردار ادا کرنے والے ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہیں، عالمی برادری سے پھر کہتے ہیں بھارت کو کسی بھی جارحیت سے روکا جائے، پاکستانی مسلح افواج ہمیشہ تیار ہیں اور کسی بھی جارحیت کا جواب دیں گی، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا چین کی جانب سے اروناچل پردیش پر کیے گئے اقدامات کی رپورٹس دیکھی ہیں

بقیہ 5 — لیویز چیک

نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 4 لیویز اہلکار مقبول، خدا بخش، اعجاز احمد، محمد علی موقع پر شہید ہوگئے ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقع کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لے کر نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کی دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 6 — خراج تحسین

الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے مسلح افواج نے ثابت کر دیا ملکی دفاع ناقابل تسخیر ہے، دشمن کی کسی بھی چال کو ناکام بنانے کیلئے تیار رہنا

بقیہ (جاری)

ہوگا، سینیٹر علی ظفر، عرفان صدیقی، راجہ ناصر عباس، عبدالقادر، عون عباس و دیگر اراکین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں جاری بھارت کی خام خیالی ہے، بھارت کبھی پاکستان کو فتح نہیں بنا سکتا

بقیہ 7 — سیکورٹی ذرائع

سیز فائر معاہدے کی مکمل پاسداری کر رہا ہے اب تک بھارت کی جانب سے بھی کوئی نئی اشتعال انگیزی نہیں کی گئی، سیکورٹی ذرائع نے کہا صورتحال کو مزید پرامن بنانے کیلئے مثبت اور تعمیری اقدامات بھی جاری ہیں، بھارت نے سیز فائر کی خلاف ورزی کی تو بھرپور اور مؤثر جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 8 — آبی منصوبے

پر پراجیکٹس کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد تیز کرنے کی ہدایت کردی، سندھ طاس معاہدے کے تحت تینوں دریاؤں کا پانی پاکستان استعمال کرتا ہے، بھارت دریائے چناب سے نکلنے والی رنبیر نہر کی لمبائی کو دگنا کر کے 120 کلو میٹر تک بڑھانا چاہتا ہے جو بھارت سے گزر کر پاکستان کے زرعی پاور ہاؤس پنجاب تک جاتی ہے

بقیہ 9 — اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے افواج کو نارمل سطح پر لیجانے کے بعد مذاکرات کا مرحلہ ہوگا، مذاکرات میں تمام چیزوں پر بات ہو گی، بات چیت کیلئے نیوٹرل مقام کا تعین بھی ہونا ہے، جنگ بھارت نے شروع کی تھی ہم نے نہیں۔

بقیہ 10 — لیفٹیننٹ جنرل

کے شرکاء میں اسناد تقسیم بھارت و پاکستان کے حالیہ تناؤ پر تفصیلی گفتگو، نوجوانوں کو مثبت کردار ادا کرنے کی تلقین انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر ایک روزہ دورے پر کوہلو پہنچے جہاں انہوں نے قبائلی عمائدین سماجی رہنماؤں، مقامی انتظامیہ اور میڈیا ورکشاپ میں شریک نوجوانوں سے ملاقات کی اس دورے کا مقصد علاقے میں قیام امن، ترقیاتی اقدامات، سول سوسائٹی سے روابط اور نوجوانوں کی رہنمائی پر مبنی سرگرمیوں کا جائزہ لینا تھا آئی جی ایف سی نے کوہلو میں منعقدہ دو روزہ میڈیا ورکشاپ کی اختتامی تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے ورکشاپ کے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں اس تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی صحافیوں، نوجوانوں، طلباء اور فیکلٹی ممبرز کی بڑی تعداد شریک تھی اپنے خطاب کے دوران آئی جی ایف سی نے میڈیا ورکشاپ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ جدید دور میں میڈیا ایک موثر ہتھیار ہے جس کے ذریعے معاشرے کی مثبت سمت میں رہنمائی ممکن ہے

بقیہ 11 — صدر، وزیراعظم

شہید سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کو خراج عقیدت پیش کیا، صدر آصف زرداری نے شہید سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کے گھر جا کر والدہ و دیگر عزیزوں سے تعزیت، ہمدردی کا اظہار کیا آصف زرداری نے کہا پوری قوم اپنے سپاہیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے

بقیہ 12 — وزیر اعلیٰ و کمانڈر

ہیں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی سنہری حروف میں لکھی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایسے بہادر سپوتوں کی بدولت وطن محفوظ ہاتھوں میں ہے ماں در وطن کے لیے لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی،

بقیہ 13 — وقاص اکرم

ہوئے ترجمان پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا کچھ اخباروں میں سٹوری لگی ہے بانی کو پیشکش ہوئی اور وہ مان گئے خبر غلط ہے، عمران خان راضی ہوئے اور نہ یہ بات ہوئی جو اخبارات میں چل رہی ہے، عمران خان مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، بات چیت کیلئے تیار ہیں مگر نہیں ہوسکتا

بقیہ 14 — بلز منظور

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ترمیمی بل 2024 منظوری کیلئے قومی اسمبلی میں پیش کیا، وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے بل کی شق 3، 4 اور 6 میں ترامیم پیش کیں جو کثرت رائے سے منظور کر لی گئیں، ایف بی آئی ایس ای ترمیمی بل 2024 بھی کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا، قومی اسمبلی میں تحویل ملزمان ترمیمی بل 2025، عطائے شہریت ترمیمی بل 2024، سول سرونٹ ترمیمی بل 2025 اور انسداد اغراق و محصولات ترمیمی بل 2025 بھی منظور کر لیا گیا، پاکستان شہریت ایکٹ میں مزید ترمیم کے 2 بل منظور کیے گئے، منظور قوانین کے تحت پاکستان شہریت ایکٹ کی سیکشن 14 اے اور سیکشن 4 میں ترمیم کی گئی علی موسیٰ گیلانی نے ٹریڈ آرگنائزیشن ترمیمی بل 2025 قومی اسمبلی میں پیش کیا جسے منظور کر لیا گیا، قومی اسمبلی رول 288 میں ترمیم کثرت رائے سے منظور کر لی گئی، قومی اسمبلی نے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کا پیش کردہ بجلائزیشن ترمیمی بل 2024 بھی منظور کیا، وفاقی وزیر تجارت جام کمال کا پیش کردہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز ترمیمی بل 2025 بھی پاس کر لیا گیا، علاوہ ازیں قومی اسمبلی نے مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی نوشین افتخار کی سی ایس ایس امتحانات میں عمر کی حد 5 سال بڑھانے کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کسی بھی امیدوار کو پانچ 5 مرتبہ مقابلے کی امتحان میں حصہ لینے کی اجازت دی جائے،

بقیہ 15 — فلسطینی شہید

تعداد 45 تک جا پہنچی ہے۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے مطابق گزشتہ روز طلوع آفتاب سے جاری اسرائیلی بمباری میں جاں بحق افراد کی تعداد 120 ہو چکی ہے۔ ان ہلاکتوں کے بعد حماس نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اسرائیل کو اس "سفاکانہ جارحیت" پر جوابدہ ٹھہرائے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے "اے ایف پی" کے مطابق یہ حملے محصور غزہ پر جاری اسرائیلی کارروائی کا حصہ ہیں، جہاں ایک امریکی حمایت یافتہ تنظیم نے اعلان کیا ہے کہ وہ رواں ماہ کے اختتام تک امدادی سامان کی ترسیل شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ غزہ کو 2 مارچ سے امداد کی فراہمی معطل ہے

بقیہ 16 — پولی گرافک ٹیسٹ

فیصلہ جاری کردیا، اے ٹی سی لاہور کے جج منظر علی گل نے 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا عدالت نے تفتیشی افسر کو 26 مئی تک پولی گرافک، فوٹو گرامیٹک اور وائس میچنگ ٹیسٹ مکمل کرنے کی ہدایت کردی،

بقیہ 17 — بنیان مرصوص

جمعہ کو یوم تشکر بھرپور ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، افواج پاکستان کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا اور ملکی سلامتی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ یوم تشکر پر ملک بھر میں دن کا آغاز مساجد اور گھروں میں قرآن خوانی اور خصوصی دعاؤں سے ہوا، وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ پاک آرمی کے چاق و چوبند دستے کے نعرہ تکبیر اللہ اکبر کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے، فوجی جوانوں نے پاکستان کی سلامتی اور بقا کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔ آپریشن بنیان مرصوص کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے لواحقین سے خصوصی ملاقاتیں کی گئیں اور نماز جمعہ میں بھی پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ یوم تشکر کی مرکزی تقریب پاکستان مونومنٹ اسلام آباد میں منعقد ہوئی ۔ وزیراعظم تقریب کے مہمان خصوصی جبکہ مسلح افواج کے سربراہان، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی بھی تقریب کا حصہ تھے۔ مساجد میں شکرانے کے نوافل اور ملک کی ترقی و سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ شہریوں نے بھارتی جارحیت کے خلاف ملک کی کامیابیوں پر خوشی کا اظہار کیا۔ یوم تشکر کی تقریبات کا مقصد قوم کو دشمن کے خلاف حوصلہ، اتحاد اور قربانیوں کی یاد دہانی کرانا ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص نہ صرف ایک بڑی عسکری کامیابی ہے بلکہ اس نے پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور قومی عزم کا بھرپور مظاہرہ بھی کیا ہے۔ تعلیمی اداروں میں افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریبات کا انعقاد کیا گیا، پاک فوج زندہ باد، ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے کے نعروں کی گونج ہر طرف چھائی رہی، اساتذہ نے بھی بھارت کو بھرپور جواب دینے پر نظمیں پیش کیں۔

بقیہ 18 — یوم تشکر

جس میں ضلعی آفیسران، سرکاری اہلکاران، سوسائٹی کے نمائندے، اور طلبا کی بڑی تعداد شریک تھی ریلی کے شرکاء نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی قربانیوں کو سراہا۔ ریلی کے دوران شرکاء نے قومی پرچم تھامے ہوئے تھے اور وطن سے محبت کے نعرے لگائے، اور قومی یکجہتی کا پیغام عام کیا۔ شرکا کا کہنا تھا کہ ملکی ترقی و سلامتی میں تمام اداروں اور عوام کا کردار نہایت اہم ہے اور اس اتحاد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ریلی کا مقصد ملک میں استحکام، امن و امان، اور ترقی کے لیے کی جانے والی کوششوں پر اظہار تشکر کرنا تھا۔ دریں اثناء جوانان مارخور اتحاد کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کے خلاف اور افواج پاکستان کی جانب سے ازلی دشمن کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے اس کا غرور خاک میں ملانے کے حق میں میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور میکانگی روڈ سے ریلی نکالی گئی جو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پہنچ کر احتجاجی مظاہرے کی شکل اختیار کر گئی مظاہرے اور ریلیوں کی قیادت سردار امین اللہ، بلال خان بڑیچ، غفار بادیزئی اور دیگر کر رہے تھے مظاہرین نے بینرز، پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر افواج پاکستان کے حق میں نعرے درج تھے اور شرکاء نے سبز ہلالی پرچم تھامے ہوئے تھے مظاہرین نے مودی کی تصویروں اور بھارتی ترنگے کو نذر آتش کیا مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ افواج پاکستان نے جس جواں مردی اور دلیری اور بہادری سے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر اس کے جہازوں کو اس کی سرزمین پر خاک میں ملایا

بقیہ 19 — شبلی فراز

قیادت کیلئے غلط بات کی، لیڈر کو گالیاں برداشت نہیں کریں گے، سینیٹر اس بات آپ کے آشیرباد سے کر رہا ہے لیکن اس وقت پریذائیڈنگ افسر عرفان صدیقی نے انہیں روکا۔

بقیہ 20 — علیمہ خان

کی انسداد دہشت گردی عدالت میں درخواست دائر کردی، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا وفاقی ادارے کے گورننگ بورڈ کی ممبر ہوں اور بیرون ملک عطیات اکٹھے کرنے جانا ہے، علیمہ خان نے عدالت سے 3 جون تک بیرون ملک جانے کی درخواست کردی، عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 17 مئی کو سماعت مقرر کردی۔

بقیہ 21 — زلزلے

میں تھا۔ زلزلے کے جھٹکوں کے باعث لوگوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا اور متعدد افراد کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ خوش قسمتی سے زلزلے کی وجہ سے فوری طور پر کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ 22 — ترکیہ کا فائدہ

کے بعد بھارتی ایئرلائن نے اپنی پروازوں کو جاری رکھنے کیلئے ترکش ایئرلائنز سے کوڈ شیئر معاہدہ کر لیا، معاہدے کے تحت انڈیگو کے مسافروں کو اب ترکیہ کی قومی ایئرلائن کے ذریعے استنبول پہنچایا جائے گا جہاں سے وہ یورپ، امریکہ و دیگر لمبی پروازوں کیلئے آگے روانہ ہوں گے، پاکستان کی فضائی حدود کی بندش کی وجہ سے بھارتی ایئرلائنز کو یومیہ کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے

بقیہ 23 — سپریم کورٹ

کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، فواد چودھری نے کہا لاہور ہائیکورٹ نے مقدمات کے خلاف درخواست پر اعتراضات لگائے، اپیل میں ججز نے اعتراضات کو برقرار رکھا جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا لاہور ہائیکورٹ نے اعتراضات برقرار رکھنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی، ہائیکورٹ کا آرڈر فیصلہ کم اور شاہی فرمان زیادہ لگ رہا ہے، فواد چودھری نے کہا 9 مئی کے بعد 7 ماہ جیل میں رہا، جیل سے نکلتے ہی 35 مقدمات مختلف شہروں میں درج تھے، ملتان، فیصل آباد، لاہور اور راولپنڈی میں اعانت جرم کے مقدمات ہیں، اعتراض لگایا گیا برانچ رجسٹری کے ہوتے ہوئے ہائیکورٹ کی پرنسپل سیٹ پر درخواست دائر نہیں ہوسکتی، پراسیکیوشن کی جانب سے فواد چودھری کی درخواست پر اعتراض کر دیا گیا

بقیہ 24 — ایمازون کو نوٹس

آن لائن فروخت پر ایمازون اور فلپ کارٹ سمیت دیگر پلیٹ فارمز کو نوٹسز جاری کر دیئے، تمام پلیٹ فارمز اور کمپنیوں کو فوری طور پر پاکستان پرچم سمیت وہاں کی دیگر مصنوعات کی تصاویر، ویڈیوز ہٹانے اور فروخت کرنے سے روک دیا مرکزی وزیر نے کہا تمام پلیٹ فارمز کو بھارتی قوانین پر مکمل کرنے کی ہدایات جاری کردی گئیں۔

بقیہ 25 — ٹرمپ

سی اچھی چیزیں ہونے جارہی ہیں، غزہ میں بہت سے افراد بھوک سے مر رہے ہیں، فلسطینیوں کی مدد کرنا ہوگی، لوگوں کا ملبے کے نیچے زندگی گزارنا ناقابل قبول ہے، ضرورت پڑی تو فخر سے کہوں گا امریکہ غزہ کو سنبھالے اور آزادی زون بنائے دیکھتے ہیں روس یوکرین مذاکرات میں کیا ہوتا ہے، جتنی جلد ممکن ہوا روسی صدر پیوٹن سے ملاقات کروں گا۔

بقیہ 26 — جمال رئیسانی

سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے تجارت میر جام کمال خان، اراکین قومی اسمبلی نوابزادہ میر عامر خان مگسی اور ملک عادل بازئی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 27 — مولانا عبدالعزیز

جب وہ دارالافتاء میں بیٹھے چائے پی رہے تھے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ایک ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ مولانا عبدالعزیز ہاتھ میں رائفل پکڑے ہوئے ہیں اور اپنے گارڈز کے ساتھ دارالافتاء کی طرف جا رہے ہیں۔ جاتے ہی انہوں نے مفتی عبدالقوی کو آڑے ہاتھوں لیا اور کہا: "میں اسے گولی ماروں گا، یہ بدمعاش ہے۔" انہوں نے کہا، کے لوگوں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: "آئندہ جو بھی اس کے ساتھ بیٹھا میں اس کا علاج کروں گا، یہ انسان نہیں ہے۔ یہ جہاں ملے اس کو کوڑے لگائے جائیں

بقیہ 28 — سیاسی سیز فائر

ہو رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کبھی ڈیل نہیں کریں گے، بہت ہوگیا معاملات سلجھانے کی ضرورت

ہے، سیاسی لیٹی، ورکرز پارٹی کو نقصان نہ پہنچائیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات آئینی و قانونی حق ہے، افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملایا، پوری قوم کو فخر ہے۔

بقیہ 29 — مخصوص نشستوں

نشستوں کے کیس میں بنچ پر اعتراض سمیت 3 متفرق درخواستیں سپریم کورٹ میں دائر کی گئیں بینچ پر اعتراض اور کارروائی براہ راست نشر کرنے کی درخواستیں شامل ہیں، درخواست گزار کے مطابق طے شدہ اصول ہے نظر ثانی وہی بنچ سن سکتا ہے جس نے فیصلہ کیا ہو جبکہ نظر ثانی میں ججز کی دستیابی کے باوجود نیا بینچ تشکیل نہیں دیا جا سکتا، متفرق درخواست کے مطابق مخصوص نشستوں کا کیس سننے والا بینچ سپریم کورٹ رولز کے خلاف تشکیل دیا گیا، نیا بنچ بننے سے نظر ثانی اور اپیل میں فرق ختم کردیا گیا،

بقیہ 30

پیش کرتے ہوئے بچہ و زچہ کی صحت کیلئے دعائیں کیں، فاطمہ بھٹو نے انسٹاگرام پر بتایا وہ دوسری بار ماں بنی ہیں، دوسرے بیٹے کی پیدائش ہوئی، نام کیمپین مصطفیٰ رکھا ہے اب خاندان 3 افراد سے بڑھ کر چار کا ہوگیا، دوسرے بچے کی پیدائش پر اپنے والد کی شدید کمی محسوس کر رہی ہیں، کاش میرے بچوں کے نانا ساتھ ہوتے۔

بقیہ 31 — ججز تنازع

تنازع ہے میں دکھاوا کیوں کروں تنازع نہیں ہے؟ جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے اپنی عدالت سے توہین عدالت کیس بغیر رضامندی کے لارجر بینچ کو منتقل کرنے کیخلاف ڈپٹی رجسٹرار و دیگر کیخلاف توہین عدالت ازخود کیس پر سماعت کی، دوران سماعت انکشاف ہوا اسلام آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ نے توہین عدالت کی کارروائی معطل کرنے کا آرڈر جاری ہوا، جسٹس اعجاز نے کہا آپ ڈویژن بینچ کا آرڈر بتا رہے ہیں کہ اس عدالت کو توہین عدالت کیس چلانے سے روک دیا گیا ہے تو ڈویژن بینچ کی جانب سے اختیار سے شدید تجاوز کیا گیا، طے شدہ قانون ہے ایک جج کے عبوری آرڈر کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل قابل سماعت ہی نہیں ہوتی، ڈویژن بینچ کا آرڈر اپنے سینئر ساتھی جج کی اتھارٹی کے خلاف ہے

بقیہ 32 — سانحہ نوشکی

نوجوان اسامہ نے کوئٹہ برن سینٹر میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اپنی جان گنوادی۔ اس سانحہ میں اب تک شہید ہونے والوں کی تعداد 30 ہوگئی ہے۔ زخمیوں کی حالت نازک ہے اور حکام کی جانب سے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 33 — افغان ٹرانزٹ

سے نیشنل لاجسٹک سیل کے تحت واہگہ پورٹ پر کھڑے تھے اور بالآخر بھارت جانے کی اجازت دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق افغان تجارتی سامان جس میں خشک میوہ جات شامل ہیں، سے لدے ان ٹرکوں کو پاکستانی ڈرائیوروں کے ذریعے بھارتی حدود میں منتقل کیا، جنہیں بھارتی حکومت کی جانب سے 24 گھنٹے کے انٹری پرمٹ جاری کیے گئے تھے۔

بقیہ 34 — روہنگیا مہاجرین

ہے، ماہرین نے واقعہ کی باضابطہ تفتیش شروع کردی، انسانی حقوق کمیشن نے کہا اقدامات غیر انسانی، ناقابل قبول اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، تصور روہنگیا مہاجرین کو بحری جہازوں سے سمندر میں پھینکا گیا انتہائی خوفناک ہے جبکہ اقوام متحدہ کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، کمیشن نے مطالبہ کیا بھارتی حکومت واقعات کی مکمل تحقیقات کرکے وضاحت پیش کرے اور بھارت ایسے انسانیت سوز اقدامات کو فی الفور بند کرے۔

بقیہ 35 — عام معافی

تاثرات درج کیے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا افواج پاکستان نے دشمن کے دانت کھٹے کردیے، شہدا کو سلام پیش کرتا ہوں، پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند ہے، پی ٹی آئی نے ملک اور قوم کو دنیا میں رسوا کرایا، پی ٹی آئی کے چند لوگ بیرونی سازش کے شکار اور کچھ شامل ہوئے، کچھ نے معصومیت میں آکر ایسے لوگوں کا ساتھ دیا، 9 مئی کے معصوم افراد کو رہا کیا جائے، حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں عام معافی دے دیں۔

بقیہ 36 — آئی جی پولیس

گاڑیاں پولیس نے قبضے میں لیکر کسٹم کے حوالے کی جن سے 50 کروڑ روپے کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر کوئٹہ میں پکڑی جانے والی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کسٹم کے حوالے کرنے کے موقع پر پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر پولیس اور کسٹم آفیسران بھی موجود تھے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا کہ اسمگلنگ کا خاتمہ ملکی معیشت کیلئے ناگزیر ہے اسمگلنگ کے نتیجے میں ملک کو نقصان پہنچ رہا ہے پولیس اور کسٹم قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے ساتھ ملکر اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں ماضی کی نسبت اسمگلنگ میں کمی دیکھنے کو ملی ہے اسمگلنگ کی روک تھام میں پولیس اور کسٹم کا تعاون جاری رہے گا مختلف اوقات میں پکڑی جانے والی 179 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں آج کسٹمز کے حوالے کی گئیں ان گاڑیوں کی بدولت 50 کروڑ سے زائد کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی 900 سے زائد نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کسٹمز کے حوالے کی جا چکی ہیں۔

بقیہ 37 — فائرنگ

جانب خودکشی قرار دینے کی کوشش ناکام پوسٹ مارٹم رپورٹ نے راز کھول دیا پولیس کے مطابق نواں کلی کے علاقے کلی ملاخیل کے رہائشی صدیق اللہ کی بیوی کو سسرالیوں نے مردہ حالت میں ہسپتال پہنچایا جسے گولی لگی ہوئی تھی اطلاع ملنے پر پولیس ہسپتال پہنچ گئی اور گھر والوں سے معلومات حاصل کی جس پر انہوں نے بتایا کہ خاتون نے خودکشی کی ہے جس پر پولیس نے شک ہونے پر پوسٹ مارٹم کرایا رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی کہ خاتون نے خودکشی نہیں کی بلکہ اسے گولی مار کر قتل کیا گیا ہے ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے جبکہ پولیس نے مقتولہ کے رشتہ داروں کی مدعیت میں دیور کیخلاف مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کیلئے کارروائی کا آغاز کردیا

بقیہ 38 — بلوچستان ہاؤس

کراچی کے مہمانوں اور وی آئی پیز کی خدمت کے لئے 267 ملازم تعینات ہیں۔ جن میں 56 ڈرائیور، 18 چوکیدار، صفائی کے لئے 16 سویپرز، 16 مالی، 14 بیرے، کھانا پکانے کے لئے 9 کک، 8 بٹلرز، 8 ہیلپرز، 4 فراش، 1 کیئر ٹیکرز، 1 پی اے، 2 سٹینو، 5 والو مین، 4 ویٹرز سمیت دیگر عملہ شامل ہے۔

بقیہ 39 — ضمانت مسترد

مغان کے 2 ساتھیوں پر منشیات فروشی کیس کی سماعت ہوئی

بقیہ 40 — سزائے موت

سنائی، مجرم کو 5 لاکھ روپے ہرجانہ اور 2 لاکھ روپے جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا، عدالت نے حکم دیا مجرم کو تب تک پھانسی کے پھندے پر لٹکائے رکھا جائے جب تک موت نہ ہو جائے۔

تعلیمی اداروں کی بقا، حقیقت پر مبنی رپورٹ کو بنیاد قرار دیکر کمیٹی میں مسترد کرنے کا مطالبہ

تعلیمی اداروں کی جانب سے بھاری فیسیں وصول کرنا طلبہ پر علم وشعور کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہے، جعفر مندوخیل

بلوچستان میں کیڈٹ کالجز طویل عرصے سے معیاری تعلیم، ڈسپلن امید کی کرن اور علمی سرگرمیوں میں ان کا کردار اہم رہا ہے

گورنر کوئٹہ کو کیڈٹ کالج پشین، ریکارڈ یافتہ میرٹ پر مبنی فیصلوں کو مزید طالبات تک پہنچانے کیلئے خطیر رقم مختص کرنے کی ہدایت

تعلیمی وصول کردہ فیسوں کے ذریعے تعلیمی اداروں کو چلانا کسی طور پر قابل قبول نہیں، ہمارے ادارے بغیر فیس کے چلتے ہیں، ہمارے ادارے بغیر فیس کے چلتے ہیں، ہمارے ادارے بغیر فیس کے چلتے